THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, December 13, 2011
(76th Session)
Volume IX, No. 03
(Nos. 01-07)

CONTENTS

		Pages
1.	Recitation from the Holy Quran……..……	1
2.	Questions and Answers……..	2
3.	Leave of Absence…….	53-54
4.	Presentation of Reports……..	55
5.	Legislative Business……	56
	(i) The Islamabad High Court (Amendment) Bill, 2011……	56
	(ii) The Woman in Distress and Detention Fund (Amendment) Bill, 2011……..……	57-58
6.	Points of Order:	
	i. Legal Status of Drug Regulatory Authority(DRA)…….	59-65
	ii. Problem of Gas and Proprietary Rights in Islamabad…..	66-69
	iii. Fate of 500 jobs given to Balochistan……..	70-77
	Future of Contract and Daily Wages Employees of PCSIR……..	78-90

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume-IX No. 03 | SP.IX(03)/2011 130

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, December 13, 2011

The Senate of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at five minutes past eleven, in the morning with Mr. Acting Chairman (Mr. Jan Muhammad Khan Jamali) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَ مَحْيَايَ وَ مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَ بِذٰلِكَ
اُمِرْتُ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَ لَا تَكْسِبُ
كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ
بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَ رَفَعَ
بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ وَ اِنَّهٗ
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾

ترجمہ: کہہ دو بے شک میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا تھا اور میں سب سے پہلے فرمانبردار ہوں۔ کہہ دو کیا اب میں اللہ کے سوا اور کوئی رب تلاش کروں حالانکہ وہی ہر چیز کا رب ہے اور جو شخص کوئی گناہ کرے گا تو وہ اسی کے ذمہ ہے اور ایک شخص دوسرے کا بوجھ نہیں

اٹھائے گا۔ پھر تمہارے رب کے ہاں ہی سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ سو جن باتوں میں تم جھگڑتے تھے وہ تمہیں بتلادے گا۔ اس نے تمہیں زمین میں نائب بنایا ہے اور بعض کے بعض پر درجے بلند کردیے ہیں تاکہ تمہیں اپنے دیے ہوئے حکموں میں آزمائے۔ بے شک تیرا رب جلدی عذاب دینے والا ہے اور بیشک البتہ وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(سورۃ الانعام آیات 162 تا 165)

Questions and Answers

جناب قائم مقام چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Let us take up questions now. میڈم حنا ربانی کھر 10:30 پر آگئی تھیں لیکن we have started late. کبھی کبھی میں سوچتا ہوں ہمیں start لینے کے لیے solar energy کی ضرورت پڑتی ہے جبکہ گاڑیوں کو fossil energy کی۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب چیئرمین! میں point of order پر بات کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں point of order نہیں ہوگا، یہ Question Hour ہے۔ حسیب خان صاحب! آپ نے 2012 سے 2015 تک بھی رہنا ہے، جب وقت آئے گا تو پھر بات کرلیں گے۔ سوال نمبر 15، ایس ایم ظفر صاحب۔

15. *Senator S. M. Zafar: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state whether it is a fact that costly livestock have been gifted to foreign dignitaries since 2007, if so, the names of dignitaries, number and genes of livestock gifted in each case?

Ms. Hina Rabbani Khar: In 2007 a Polo Pony was presented to King of Malaysia by the then President of Pakistan on the occasion of 50th Anniversary of Malaysian independence. Apart from that, no other gift of livestock was given to any foreign dignitary through the Ministry of Foreign Affairs.

Mr. Acting Chairman: Question No. 18 of Senator S.M. Zafar on his behalf Senator Ilyas Bilour *Sahib* please read the question.

18. *Senator S. M. Zafar: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state the number of Pakistanis evacuated by the government of Pakistan from Libya and the number of Pakistanis still stranded?

Ms. Hina Rabbani Khar: With the deterioration of security situation in Libya in February, 2011 the Government of Pakistan took urgent measures to evacuate and bring home all those Pakistani nationals who were willing to return. As of 14 July 2011, a total of 6,082 Pakistanis were evacuated/repatriated from Libya.

The Government operated special flights to airlift our nationals directly from Libya. In addition, a large number of our nationals were also evacuated through the neighbouring countries (Algeria, Egypt, Tunisia and Turkey) and brought to Pakistan by special and commercial flights. The Pakistan Missions in the neighbouring countries had maintained camp offices on the borders in order to assist these people on arrival and arrange their repatriation to Pakistan.

Presently, the estimated strength of our Pakistani nationals across Libya is 2,100. Most of them have been living there for the past decades or so, Almost all have told clearly our Mission that they do not want to be evacuated.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

Senator Ilyas Ahmad Bilour: On his behalf, there is no supplementary question because 2100 people want to live in Libya and they don't want to come out.

Mr. Acting Chairman: Question No. 20 of Professor Khurshid *Sahib*, anybody on his behalf? Yes, Dr. Ismail Buledi.

20. *Senator Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the present status of the two schools which were being run by Pakistani Embassy in UAE; and

(b) whether it is a fact that the management of the said schools has been taken away from the embassy, if so, its reasons?

Ms. Hina Rabbani Khar: (a) Three Pakistani schools, Sheikh Khalifa Bin Zayed Arab Pakistan School Abu Dhabi, Pakistan Community Welfare School Musaffah and Pakistan Islamia Higher Secondary School Al-Ain are being run under the supervision of the Embassy of Pakistan Abu Dhabi.

(b) The Sheikh Khalifa Bin Zayed Arab Pakistan School was founded in 1976 on land donated by late Shaikh Zayed Bin Sultan Al Nahyan to the Embassy of Pakistan Abu Dhabi. The Pakistan Community Welfare School Musaffah was founded by a member of the Pakistan Community in 1979 and its management was handed over to the Embassy of Pakistan in 2006. The Pakistan Islamia School Al-Ain was established in 1979 by a group of philanthropists from Pakistan community on a piece of land also allotted by Sheikh Zayed Bin Sultan Al Nahyan and its management was handed over to the Embassy of Pakistan in 1993.

(c) In order to comply with conditions of the local Ministry of Education, a UAE national was appointed as the main sponsor (with 51% share of LLC Company) while a Pakistani national was appointed as the second sponsor (with 49% share). It was agreed

upon that the Embassy would retain ownership, overall administrative and financial controls of the schools.

(d) In the first week of January 2011, the sponsor of Sheikh Khalifa Bin Zayed Arab Pakistan School Abu Dhabi and Musaffah School, Mr. Khalifa Bin Mohammad Al Nauimi, took over financial and administrative control of the two schools on the pretext that being the majority share holder, he had the right to exercise the overall management of the schools. However, the Ambassador Pakistan interceded with the local authorities in this regard. As a result, the process of replacing Mr. Khalifa Al Nauimi as sponsor is currently under way. On completion of this legal process, the financial and administrative control of both schools have been returned to the Embassy of Pakistan.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! پروفیسر صاحب نے UAE Embassy کے بارے میں سوال پوچھا تھا۔ کیا وزیر صاحبہ یہ بتانا پسند فرمائیں گی کہ وہاں پر کتنے طالبعلم پڑھتے ہیں؟ ان کو Embassy کی طرف سے فیسوں کی مد میں کوئی relief or subsidy دی جاتی ہے یا وہ خود اپنی جیب سے fee ادا کرتے ہیں؟ کل اگر وہ پاکستان سے میٹرک ایف اے یا بی اے کریں تو ان کا کیا سلسلہ ہو گا، اس بارے میں ہمیں بتائیں؟ ان کے پاس صوبہ وار کوئی figure ہو کہ وہاں پر بلوچستان کے طالبعلموں کو بھی accommodate کیا گیا ہے یا نہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: بلیدی صاحب! سوال کچھ اور ہے۔ حنا ربانی صاحبہ! سوال is something else کیونکہ انہوں نے فیس کے متعلق اور بلوچستان کے بچوں کے بارے میں پوچھا ہے، I think it needs a fresh question.

محترمہ حنا ربانی کھر (وزیرِ خارجہ): جی جناب چیئرمین! because this matter is pertaining to the schools only لیکن جو سوالات معزز سینیٹر صاحب نے کیے ہیں، ان کے لیے اگر وہ fresh question دے دیں تو بہتر ہو گا because frankly speaking وہاں پر

پاکستانی اور باقیوں کا ratio تو پتا ہو سکتا ہے لیکن ان میں کتنے بلوچی یا کتنے سندھی ہیں، اس کے لیے تفصیل معلوم کرنی پڑے گی۔

Mr. Acting Chairman: We go back to Question No. 16 of Senator Talha Mahmood, on his behalf? Yes, Abbas Afridi *Sahib*.

16. *Senator Muhammad Talha Mahmood: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the expenditures incurred on Pakistan embassy/ missions in Iran during the last three years with head-wise and year-wise break up; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to reduce the said expenditures, if so, its details?

Ms. Hina Rabbani Khar: There are three Pakistan Mission's in Iran *i.e.* Embassy of Pakistan in Tehran and Consulates in. Zahidan and Meshad. The details of expenditures during last three years is as under:—

S. No.	Name of Mission	Exrpenditure		
		2007-08	2008-09	2009-10
1.	Tehran	80,581,723	94,090,236	98,301,323
2.	Zahidan	22,390,316	27,977,961	28,869,323
3.	Meshad	24,045,894	27,229,860	32,780,412

(b) Dollar-Rupee exchange rate and the devaluation of the Rupee make it difficult to apply cuts. In light of Finance Division's orders issued from time to time the Ministry of Foreign Affairs exercises expenditure control and financial discipline in respect of all Missions abroad (including Embassy / Missions in Iran). The austerity drives and economy related measures, as per policy of the Government, are also being implemented in true spirit.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر عباس خان آفریدی: جناب چیئرمین! یہاں آخر میں payment کی تفصیل دی گئی ہے جو خرچ ہو رہی ہے۔ محترمہ وزیر صاحبہ! بتائیں گی کہ یہ Embassy or Consulate کے اخراجات ہیں یا وہاں پر کوئی اور activities ہیں؟ آپ دیکھیں کہ صرف مشہد کے ایک consulate کے لیے 2009-2010 میں 32,780,412 million rupees دیے گئے ہیں۔ کیا یہ اس کے اخراجات ہیں؟ تنخواہیں ہیں یا وہاں پر کوئی اور activities ہو رہی ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحبہ۔

محترمہ حنا ربانی کھر: جناب چیئرمین! یہ جو اخراجات دیے گئے ہیں یہ ایمبیسی کے running expenses ہیں، ایمبیسی کے staff کے expenses ہیں اور ان کے باقی auxiliary expenses ہیں۔ آپ اس میں دیکھ سکتے ہیں کہ کسی سال میں as such کوئی jump نہیں آیا ہے ایک consistent, little marginal increase ہے اور most of that increase is due to the devaluation of rupee.

جناب قائم مقام چیئرمین: لیکن میڈم درمیان میں سارے consulate کو rehabilitate کیا گیا ہے، وہ consulate بہت بری حالت میں تھا۔ تنخواہ کے علاوہ اس میں باقی اخراجات ہیں یا صرف تنخواہیں ہیں؟

محترمہ حنا ربانی کھر: جناب چیئرمین! اس میں سارے اخراجات ہیں جن کا ایک major component salary ہوتا ہے، میں صرف یہ کہہ رہی ہوں۔ دوسرا ایک دو consulates میں mission کی strength کو بھی increase کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے آپ کو تھوڑی سی increase نظر آ رہی ہے but this is the composite expenditure سارے اخراجات، تنخواہیں، running expenditures, maintenance of building etc., سب کچھ ملا کر ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی زاہد خان صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب چیئرمین! یہ کہتی ہیں کہ اس میں jump نہیں آیا، آپ دیکھیں کہ تہران میں 08-2007 میں 80 ملین روپے ہے اور 10-2009 میں اٹھانوے ملین روپے ہو گئے ہیں تو کیا ان اخراجات میں jump نہیں آیا تو اور یہ کیا ہے؟ وہاں پر کتنے لوگ کام کر رہے ہیں؟

محترمہ حنا ربانی کھر: جناب چیئرمین! اس کا بہت آسان جواب یہ ہے کہ اگر آٹھ کروڑ روپے اخراجات ہوئے اور پھر وہ دو سالوں میں بڑھ کر نو کروڑ اسی لاکھ روپے ہو گئے ہیں تو میں نے پہلے بھی کہا کہ اگر آپ پاکستانی روپے کی devaluation دیکھیں تو وہ اس سے زیادہ ہو گی۔ یہ almost maintain ہوا ہے اور ہم سارے جانتے ہیں کہ ہر سال جیسے آپ کے civilian expenditures ہوتے ہیں، سینیٹ کے running expenses ہوتے ہیں، یہ سارے پچھلے سال سے بڑھتے ہیں due to inflation, due to many other reasons. Jump کا مطلب explainable jump ہے، یہ ایک consistent increase ہے as such کوئی اور jump نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! ہمارے جو مختلف missions ہیں، ان میں عموماً اخراجات زیادہ ہوتے ہیں جبکہ ان کی کارکردگی nil ہے۔ ان کا کوئی monitoring system یا کوئی check and balance system بنائیں، مجھے تو ابھی تک کوئی ایسی چیز نظر نہیں آئی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ زاہدان جو تقریباً ایک صوبہ بلوچستان ہے، جہاں تمام بلوچی رہتے ہیں، کیا یہ مجھے بتا سکتی ہیں کہ انہوں نے کبھی یہ سوچا ہے کہ وہاں چوکیدار یا نائب قاصد کے بغیر کوئی بلوچ officer تعینات کیا جائے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی وزیر صاحبہ۔

محترمہ حنا ربانی کھر: جناب والا! اس کے لیے میرا جواب پھر سے وہی ہو گا کہ مجھے اس چیز کے لیے fresh question کی ضرورت ہو گی لیکن آپ نے جو کارکردگی کی بات کی ہے، دیکھیں آپ کو یہ بھی define کرنا ہو گا کہ ہم کن parameters میں کارکردگی کو دیکھتے ہیں؟ کیا ہم کارکردگی کو اس طرح دیکھتے ہیں کہ جب ہمارے لوگ یہاں سے جائیں تو ان کا کتنا خیال کیا جائے؟ کیا ہم کارکردگی کو اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کے national interests and national foreign policy کا کس طرح خیال کرتے ہیں اور ملک کی طرف سے ان کو جو instructions ملتی ہیں ان پر کس طرح آپ کے interests کو watch out کریں اور اپنے relationship کو ایک ملک کے ساتھ بڑھائیں، ان کو کس طرح آگے لے کر جا رہے ہیں۔ میرے خیال میں تو the foreign services

of Pakistan has done this for the country very well, بہت سارے ایسے instances ہوئے ہیں جب fait accompli ان کی پلیٹ میں گئے ہیں اور انہوں نے پھر بھی آپ کے ملک کے لیے بہتر طریقے سے they fought our case.

مثال کے طور پر اگر آپ United Nations میں پاکستان کی performance دیکھیں جہاں پر آپ کو ایک diplomatic performance نظر آتی ہے، وہاں پر بھی Pakistan has typically always done very well. So, I think, our people have served us very well. I think, they are almost unsung in how they have served us but the parameters we ourselves as members of Parliament have to define as to what are the parameters by which we measure their success.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! ہم لوگ زاہدان معاہدے کے لیے گئے تو ہمارا وہاں پر باقاعدہ ایک سرکاری پروگرام تھا۔ ہمارے mission نے کبھی ہمیں attend کیا نہ ہی کوئی فون کیا اور نہ وہ پروگرام میں شامل ہوئے۔ وزیر صاحبہ! اس کارکردگی کا یہ حوالہ دے رہی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایوان میں حقائق کو بیان کرنا چاہیے۔ جب وہاں ہمارا پروگرام ختم ہوا تو سفیر صاحب نے خود کہا کہ میں معافی چاہتا ہوں کیونکہ میں مصروف تھا۔ ہم نے ایک معاہدہ ستر میگا واٹ مکران، ژوب، گوادر اور ہزار میگا واٹ بلوچستان کے لیے MoU sign ہوا تھا۔ یہاں سے fax بھی گیا تھا لیکن اس نے نہ delegation کو پوچھا نہ اس نے کوئی رابطہ کیا تو مجھے پتا نہیں ہے کہ یہ کس طرح کی کارکردگی ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی اس پر privilege motion بھی move ہوا تھا۔ میں Standing Committee on Privileges سے پوچھتا ہوں کہ اس کا کیا ہوا ہے؟

Question No.23 of Senator Hafiz Rashid. Yes Abbas Afridi *Sahib* on his behalf.

23. *Senator Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state the names of officers and officials working in Pakistan Embassy in Kabul, Afghanistan

indicating also the pay, allowances and other fringe benefits admissible to them?

Ms. Hina Rabbani Khar: The details of officers from Foreign Ministry in Kabul are as follows:

Sl. No.	Name	Designation
1	Mohammad Sadiq	Ambassador
2	Mansoor A. Khan	Counsellor
3	Jan Bahadar	Second Secretary
4	Shah Nazar Khan	Third Secretary

2. Support staff includes the security component which is an essential requirement for Kabul. List of officials is as follows:—

Sl. No	Name of officials
1	Syed Abrar Hussain,
2	Mr. Arshad Jamil Hashmi,
3	Mr. Raees Khan,
4	Mr. Muruwat Hussain,
5	Mr. Azmat Khan,
6	Mr. Muhammad Sajjid,
7	Mr. Jamshed Khan,
8	Mr. Muhammad Bashir,
9	Mr. Muhammad Bashir,
10	Mr. Muhammad Khalid,
11	Mr. Gul Nawaz,
12	Raja Babar Hussain,
13	Mr. Munim Khan,
14	Mr. Karamat Hussain,
15	Mr. Hazrat Nabi,
16	Mr. Arshad Ali,
17	Mr. Muhammad Arshad,
18	Mr. Muhammad Hussain,

Sl. No	Name of officials
19	Mr. Anwar Zeb,
20	Mr. Gul Zaman,
21	Mr. Gul Zamin Khan,
22	Mr. Shaheen Shah,
23	Mr. Khalil ur Rehman,
24	Mr. Dalail Khan,
25	Mr. Anwar ul Haq,
26	Mr. Shaukat Ali Kiani,
27	Mr. Shaukat Ali Kiani,
28	Mr. Abdul Hameed,
29	Mr. Gulfraz Khan,
30	Mr. Muhammad Yasin,
31	Mr. Muhammad Riaz,
32	Mr. Munir Baig,
33	Mr. Babar Ali,
34	Mr. Zulfigar Ahmad,
35	Mr. Aslam Masih,
36	Mr. Siraj Masih,

**There are 37 sanctioned posts of the officials. One post has become vacant recently due to transfer of an official.*

3. They are entitled to draw pay and allowances as admissible under the rules in accordance with their relevant Basic Pay Scales and their diplomatic status. They are also entitled to housing and free medical facilities. In addition, they are paid hardship allowance and risk allowance due to the peculiar circumstances in Afghanistan.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر عباس خان آفریدی: جناب چیئرمین! میں وزیر صاحبہ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تفصیل تو ہے لیکن میرا سوال اس سے ہٹ کر ہے کہ ہم نے افغانستان کے لوگوں کے لیے ایک سال کے لیے multiple visas شروع کر دیے ہیں لیکن جب یہاں سے ہمارے پاکستانی بھائی جاتے ہیں تو ان کو single entry visa دیا جاتا ہے اور وہ بھی بہت مشکل سے دیا جاتا ہے۔ ہم نے افغانستان کے لوگوں کے لیے ایک سال کا multiple visa اور اس کے لیے rules and regulations ختم کر دیے ہیں کہ وہ آتے جاتے رہیں اور سرحد پر مسائل نہ ہوں لیکن ہمارے لیے افغانستان جانے کے لیے ویزے کا حصول بہت مشکل ہے، پہلے تو وہ دیتے ہی نہیں ہیں اگر دیتے بھی ہیں تو وہ صرف single entry visa دیتے ہیں۔ اس کے لیے ہماری وزارتِ خارجہ کیا اقدامات کر رہی ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم! کیا ہمارے ساتھ بھی وہی گنجائش ہے؟ اسی سلسلے میں، مجموعہ، آپ کو total dovetail کر کے question دینے لگے ہیں۔ میڈم گلشن سعید بول لیں پھر ڈاکٹر مالک، then Zahid Khan *Sahib*.

سینیٹر گلشن سعید: جناب چیئرمین! میں میڈم سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ لکھا ہوا ہے کہ ہمارا وہاں سٹاف محمد صادق، Ambassador, Mansoor A Khan, Consular, Second Secretary and third Secretary. میں یہ سمجھتی ہوں کہ پچھلے پنتیس چالیس سال میں سب سے زیادہ ہم نے افغانستان کی وجہ سے suffer کیا جبکہ ان کو ہماری full support رہی۔ لاکھوں کی تعداد میں ہم نے افغان مہاجرین رکھے ہوئے ہیں without ان کی support کے۔ اس کے علاوہ ان کی ساری تجارت یہاں سے اور کھانا پینا اور ہر چیز یہاں سے جاتی ہے مگر کیا وہاں پر ہمارے Ambassador *Sahib* کرزئی صاحب کو convince نہیں کر سکتے کہ وہ پاکستان کے خلاف ہر تیسرے دن ایک بیان کیوں داغ دیتے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں میڈم حنا آئی ہیں تو یہ اس چیز کا نوٹس لیں کہ ہمارا ہمسایہ ہوتے ہوئے ہمارے خلاف اس طرح کی گفتگو کرنا ان کو زیب نہیں دیتا کیونکہ ہم نے ان کی ہر طرح سے مدد کی ہے۔ وہ ہر الزام ہم پر لگاتے ہیں، ہر قتل کا الزام ہم پر لگاتے ہیں۔ کوئی بھی بات ہو جائے تو وہ یہ موقع جانے نہیں دیتے۔ میرا خیال ہے کہ Ambassador *Sahib* کو تھوڑا briefing کی ضرورت ہے۔ میں میڈم سے request کر رہی ہوں کہ وہ اس بارے میں ذرا بتائیں، Thank you very much.

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم ابھی صبر کریں، آپ نے سب کا جواب دینا ہے۔ پہلے کہتے تھے کہ پاکستان suffer کر رہا ہے۔ ابھی کہتے ہیں افغانستان اور پاکستان mutually suffer کر رہے ہیں۔ جی ڈاکٹر مالک صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک: میرا question یہ ہے کہ یہاں پر اتنا سٹاف رکھا ہوا ہے تو کیا واقعی افغانستان میں اتنے سٹاف کی ضرورت ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: اچھا یہ بھی آپ شامل کر لیں۔ زاہد خان صاحب کیا آپ افغانستان کے سلسلے میں کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ اگر نہیں تو میں میڈم ثریا کو موقع دے دوں۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جو انہوں نے کہا کہ کرزئی صاحب الزام لگاتے ہیں مجھے نہیں پتا honourable Minister اس کا کیا جواب دیں گی۔ وہ ایک independent ملک ہے۔ ان کے ہم پر اعتراضات ہیں اور ہمارے ان پر اعتراضات ہیں۔ اگر ہم نے اس کو discuss کرنا شروع کر دیا تو میرے خیال میں یہ اچھا نہیں ہے۔ میں تو صرف honourable Minister سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ بتا سکتی ہیں صوبوں کے لحاظ سے وہاں کتنے لوگ کس صوبے سے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم ایک منٹ، میڈم ثریا صاحبہ! آپ بھی اپنا question dovetail کریں۔ ثریا امیرالدین صاحبہ! میں نے ثریا کا نام پڑھا دیوآنند کی موت کے ساتھ، وہ بڑے گانے گاتی تھیں، اچھی actress تھیں۔

سینیٹر ثریا امیرالدین: Thank you so much, Sir میں یہ سوال کرنا چاہتی ہوں کہ یہاں اتنے سارے مردوں کے نام لکھے ہوئے ہیں جو وہاں پر officials ہیں۔ کیا کسی خاتون کو افغانستان جانے کی اجازت نہیں ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ میڈم خود جو foreign affairs کی وفاقی وزیر ہیں۔ یہ سب خواتین کی نمائندگی کر رہی ہیں۔

سینیٹر ثریا امیرالدین: نہیں، میں تو افغانستان کی بات کر رہی ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس سے بڑی اور کیا تبدیلی ہو گی کہ سپیکر صاحبہ، جن کی کرسی پر میں آ کر بیٹھ گیا ہوں یہ وہ استعمال کرتی ہیں، وہ بھی میڈم ہیں۔

سینیٹر ثریا امیر الدین: میں یہ کہتی ہوں کہ افغانستان بھیجنے کے لیے خواتین کے نام کیوں نہیں ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: سب کا جواب دے دیں میڈم، میڈم جواب دے رہی ہیں۔

Ms. Hina Rabbani Khar: Thank you Sir, I will start from the last question.

پہلے انہوں نے پوچھا، ایک general بات کی گئی کہ کیا افغانستان میں اتنے زیادہ لوگوں کی ضرورت ہے؟ دیکھیں جی یہاں پر enumerate کیا ہوا ہے کہ افغانستان میں officer level کے سٹاف میں ایک Ambassador ہیں، ایک consular ہیں ایک Second Secretary اور ایک Third Secretary ہیں۔ دوسرا supporting Staff افغانستان میں ہے۔ افغانستان میں ایک security hazard ہے، ایک security risk ہے۔ یہ hardship country ہے۔ ہمارے ملک میں بھی ہم ان کو hardship allowance دیتے ہیں اور ہمارے ہاں افغانستان hardship country consider کیا جاتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وہاں families رکھ سکتے ہیں؟

Ms. Hina Rabbani Khar: No, I believe not, I am not sure, but I believe not.

یہ security staff جو یہاں پر enumerate کیے ہوئے ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر support staff ہے۔ If you feel that you need to also have your own security paraphernalia which we do feel in Afghanistan, they do support us but we need our own security paraphernalia and I think this is something which should not be compromised on.

میں آپ کو یاد دلانا چاہوں گی کہ جب پروفیسر برہان الدین ربانی صاحب کی وفات ہوئی تو اس کے بعد وہاں پر آپ کی Embassy کو ایک major suicide bomb کی threat تھی اور یہ پہلا موقع نہیں تھا بلکہ ایسے بہت سارے مواقع آچکے ہیں۔ We are living in a difficult time and I think we should be prepared for that. دوسرا انہوں نے پوچھا کہ why do we not have a lady over there. دیکھیں جی یہ ایک hardship country ہے۔

If anybody from the foreign service who happens to be a lady wants to go there, we would obviously be happy to accommodate them. But I also wanted to know that in the time of the conflict in Lebanon we had a female Ambassador there.

I believe we had a female Ambassador there. جب لیبیا میں سارا issue ہوا تھا So, یہ بات نہیں ہے کہ Lady Ambassador کو مشکل ملکوں میں نہیں بھیجا جاتا but by chance you do not happen to have a lady over there.

دوسری جو ایک almost debate چھڑ گئی، میں اس میں categorically کہنا چاہوں گی کہ there are certain principles that we have to establish. OK, the principles or the parameters, the assumptions or whatever you may want to call them, Afghanistan is a neighbouring country of Pakistan. I will not be wrong in saying that today, almost the most important country to Pakistan because Afghanistan کی وجہ سے پاکستان کی اپنی security threaten ہوتی ہے۔ افغانستان کی وجہ سے پاکستان کے اپنے مسائل، جن کا آپ نے ذکر کیا، تیس سال میں ان میں اضافہ ہوا ہے۔ افغانستان کے ساتھ porous border ہونے کی وجہ سے آپ پر اکثر ایسے الزامات آتے ہیں جن کی کوئی basis نہیں ہوتیں۔ افغانستان کی وجہ سے آپ کے پاس ایسی refugee population ہے جس کو آپ نے اپنے ملک میں جگہ بھی دی ہوئی ہے، services بھی دی ہوئی ہیں، education services بھی دی ہوئی ہیں اور کافی لوگوں کا view ہے کہ ان کی وجہ سے ملک میں کافی مسئلے مسائل پیدا ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔

آج جبکہ ہم اپنی foreign policy کا overall review کرنا چاہ رہے ہیں تو ہمیں یہ بھی establish کرنا پڑے گا کہ ہم افغانستان کو کس نظر سے دیکھنا چاہتے ہیں۔

Afghanistan is an important neighbour of Pakistan. It's a sovereign country. We must recognize and respect them as a sovereign country. We must give them the same respect as a sovereign, equal that we demand of the United States of America for Pakistan. These are the basic principles that we have to establish. Having established those principles, it is in Pakistan's national interest that

Pakistan has the best of terms, let me say this categorically, it is in Pakistan's national interest that Pakistan has the best of terms with whatever government is in Afghanistan. It is also true that Pakistan typically has better ties with Afghan people than it had previously with the Afghan governments. It is also true that this government tried to bend backwards to reach out to the Afghan government. It is also true that on the back of these recent assassinations Pakistan has been blamed undeservedly. Let us look at this problem in a wholesome way اگر Afghan refugees جو پاکستان میں رہتے ہیں اور وہ پاکستان میں ایک murder plot کرتے ہیں، پھر thousands of miles travel کرتے ہیں into Afghanistan's territory, ان کے guest houses میں رہتے ہیں اور پھر وہاں سے undetected, unscreened attack کرتے ہیں تو اس میں پاکستان کا کیا قصور ہے۔ Then, if we are going to blame Pakistan for all of these ills then are we saying that may be Pakistan should deal once and for all with the Afghan refugee problem or are we saying that we should deal once and for all for the fencing of the border issue. So, یہ سارے hard questions ہیں۔

Unfortunately the problem lies on both sides. We, as Pakistanis also have not been able to address these issues in what should be strictly is within confinements of your national interests. Not what the pressures are, not who wants what, what strictly within the confinements of your national interest. If we are clear on this and I hope the Parliament will be able to give us said clarity, then we will only seek the best of possible relations with the sovereign country which is your neighbour, which you have to respect, whose decisions which are internal to them, you have to learn to respect.

So, اسے آپ ایک overall جائزہ کہہ لیں یا ہماری reach out افغانستان پر ہمیشہ ہو گی لیکن ہم

As a sovereign country and as a country which requires and looks forward to good neighbourly relations with Afghanistan, we, of course, have exception and we think that this is completely unnecessary that every ill in Afghanistan is because of Pakistan. This is a fact and if things cannot be managed over there and Pakistan seems to be an easy scapegoat both for the Afghan leadership and for other countries, then that is not our problem. We are and we have made too many sacrifices. We have been part of the solution.

(Interruption)

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم! خود ان کا سوال یہ تھا کہ وہ افغانستان کی پالیسی کا تھوڑا ذکر کریں۔ میڈم ایک کام کریں، جو ہم Afghan nationals کو ویزے میں رعایت دیتے ہیں پاکستان آنے کے لیے وہی پاکستان کے لیے similarities کرادیں۔ اس پر جواب چاہیے۔

محترمہ حنا ربانی کھر: اس پر تو جی بالکل reciprocity ہونی چاہیے۔ If there is no reciprocity, we will ensure that there is at least reciprocity and we will ensure that.

جناب قائم مقام چیئرمین: عباس خان، آپ follow up کیجیے۔

سینیٹر عباس خان آفریدی: افغانستان میں جو ہماری exports ہو رہی ہیں، اگر formal بھی ہیں تو وہ تیسرے نمبر پر ہے، informal ملا کر پہلے نمبر پر ہے تو اس کے لیے ہمیں ویزے کا مسئلہ حل کرنا چاہیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اچھا ہے، آپ نوٹس میں لے آئے ہیں۔ سوال نمبر 28

28. *Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the total number of Pakistanis imprisoned in Spain during the last three years indicating also the nature of offense and the punishment, if any, awarded to each one of them separately; and

(b) the steps taken by the government for their release?

Ms. Hina Rabbani Khar: (a) Due to privacy laws, the Spanish authorities do not provide information about prisoners without their consent. Hence the Mission has no information about the exact number of Pakistani prisoners in Spain. As per information gathered from informal sources there are about 64 Pakistanis held in jails in Spain.

(b) In cases which receive greater publicity and where detained Pakistanis opt to appeal their detention and sentences, our Mission in Spain has been offering assistance. For instance in 2009, the €15,000 by the Consulate General in Barcelona, while the remaining €7,000/− was contributed by the Pakistani community in Barcelona. An additional expenditure of €20,000 on lawyer's fee/legal aid to pursue the case of these Pakistanis in the higher appeal court is expected.

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

Senator Col.(Retd.)Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. I will like to ask the honourable Foreign Minister that in her reply she has stated that due to privacy laws, they have no information whatsoever about the number of Pakistani people in prisons or the crimes committed. Now, are these privacy laws − the privacy laws of the High Commission are according to all embassies and high commissions all over the world? They are so private that they don't even bother to meet any Pakistani or to do any work for any Pakistani, or even to look after the Pakistani community in that area. How is it possible that no reply can be given on the floor of the House as to number of Pakistanis in a prison in a foreign country. There have to be ways and means to find out and that must be known that this is not a nuclear science

we are asking for. We are asking for Pakistani nationals where they are in prison in a foreign country. I want to know the number of those Pakistani nationals who are in prison there, their crimes that they have been accused of and not just they have committed, what they have been accused. Now, if the Pakistan embassy in Spain is so inefficient and likes to maintain its privacy so much that they don't want to bother to find out how many Pakistanis are languishing in jails and suffering inhuman dignity. I am sure the people of Pakistan are very interested to know the fate of our people. We want to know what is being done to get them out of their jails and if they have not committed those crimes, are they being protected by proper lawyers, by proper legal teams or not? Or is the Embassy sleeping like the embassies of Pakistan, all over the world are sleeping?

جناب قائم مقام چیئرمین: مشہدی صاحب! میڈم کو جواب کا موقع دیں۔ میڈم حنا ربانی کھر۔

Ms. Hina Rabbani Khar: Thank you Mr. Chairman.

انہوں نے جو sentiments express کیے ہیں، I am with him کیونکہ میں نے بھی اس سوال کا جب جواب دیکھا تو I asked my staff to redo the answer and to get more information because this is completely unacceptable not to provide the information. They do have more information and we must provide that on the floor of the Parliament. Unfortunately, this was published but میں نے ان سے اس کی وضاحت بھی مانگی تھی، I would, if possible, ask to retract this question and to give a fresh answer or may be, you ask this again so that we can give you a more composite answer. Sir, I had requested you that the Serbian foreign minister is here and there is conference going on…..

جناب قائم مقام چیئرمین : بخاری صاحب! میڈم کی request ہے کہ ان کی conference on ہے وہ کہتی ہیں کہ ان کے دوسرے سوالات defer کر دیے جائیں تا کہ وہ اس بڑی اہم کانفرنس میں شرکت کر سکیں اور باقی سوالات کے جوابات وہ next rota day پر دے دیں گی کیونکہ اس کانفرنس میں بھی بڑا اہم مسئلہ ہے جس کو میڈم نے حل کر کے آنا ہے۔ وہ فارن آفس کو handle کریں گی ۔[1]XXXXXXX تو ٹھیک ہے آپ کے بقیہ سوالاتی کو ڈیفر کرتے ہیں اور اس سپین والے سوال کی ہم دوبارہ تفاصیل مانگیں گے اور next rota day یہ سوال اور آپ کے بقیہ سوالات آ جائیں گے۔

ایک معزز رکن: جناب والا! یہ میڈم سپیکر والے الفاظ کو expunge کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں نے اپنے الفاظ کو expunge کر دیا۔ مخدوم صاحب کی اطلاع آئی ہوئی تھی کہ he is on WTO conference in Geneva تو وہ کہتے ہیں کہ میرے سوالات defer کر دیں اور next اجلاس میں لے آئیں۔ اگلا سوال ۲۸۔

31. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Industries be pleased to state the number of Utility Stores established in the country during the last two years with province-wise break up?

Ch. Pervez Ellahi: Utility Stores Corporation established 1,325 Stores in the country during the last two years. Province-wise break-up of Utility Stores established in the country during the last two years is as under:—

Sr. No.	Province	No. of Stores opened during last two years
1.	Punjab	675
2.	Sindh	238
3.	Khyber Pakhtoon Khawah	349
4.	Balochistan	48
5.	Azad Jammu & Kashmir	19
	Total:	**1,325**

[1] [Expunged by the orders of Mr. Acting Chairman.]

Mr. Acting Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! میں نے اس سوال میں چاروں صوبوں میں یوٹیلیٹی سٹورز کی تازہ ترین تعداد پوچھی تھی۔ بلوچستان میں صرف utility stores 48 کھولے گئے ہیں۔ اس سے پہلے بھی میں نے سوال پوچھا تھا جس کے جواب میں بتایا گیا تھا کہ ہر یونین کونسل میں ہم ایک ایک utility store کھولیں گے پھر وزارت صنعت و پیداوار نے یہ جواب بھی دیا تھا کہ بلوچستان میں utility stores کی کمی کو ہم پورا کریں گے، اس میں چھ ماہ گزر گئے ہیں۔ اب پورے بلوچستان میں utility stores 48 کھولے گئے ہیں جبکہ وہاں تیس اضلاع ہیں۔ وزیر صاحب ہمیں بتائیں کہ اس جمہوری حکومت میں utility stores کی کمی کو پورا کریں گے کیونکہ اب جب ہم بلوچستان کا نام لیتے ہیں تو یہ پریس والے ہمارا مذاق اڑاتے ہیں اور بلوچستان کا نام لے لے کر اب ہمیں بھی شرم آتی ہے کیونکہ عملی طور پر کچھ نہیں ہوتا۔ کیا وزیر صاحب مجھے بتائیں گے کہ وہ اس کمی کو کس طرح پورا کریں گے اور ہمیں مطمئن کریں گے کہ یہ جو تیس اضلاع ہیں ان کی یونین کونسلوں میں utility store کی کمی کو پورا کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ شیراز صاحب۔

خواجہ شیراز محمود (وزیر مملکت برائے پروڈکشن): جناب چیئرمین! میں محترم بلیدی صاحب کو بتانا چاہوں گا کہ Utility Stores Corporation کے expansion plan کے تحت بلوچستان میں 447 نئے utility stores کھولنے کا کام شروع کیا گیا تھا۔ ان میں سے 349 utility stores establish ہوگئے ہیں ۔ بلیدی صاحب کے سوال کے جواب میں ان کے سامنے جو 48 کی تعداد ہے وہ ان دو سالوں میں کھولے گئے ہیں۔ کل اس وقت utility stores 349 ہیں۔ جناب والا! جن جگہوں میں expansion plan کے تحت سٹورز نہیں کھل سکے وہ امن و امان کی خراب صورت حال کی وجہ سے نہیں کھل سکے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر وہاں پر بینک نہ ہو تو Utility Stores Corporation وہاں پر utility store نہیں کھولتی کیونکہ وہاں پر transaction کا مسئلہ آتا ہے۔ میں معزز رکن کی خدمت میں یہاں ضرور یہ عرض کروں گا کہ وہ جتنے سٹورز کھلوانا چاہیں ایک franchise scheme کے تحت وہ recommendations لے کر آئیں، ہم کھولنے کے لیے تیار ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہے۔ میرے اپنے ضلع تربت، پنجگور میں کوئی law and order کی situation نہیں ہے اور وہاں بینک بھی ہے۔ ان کی جتنی requirements ہیں وہ وہاں پوری ہیں۔ میں نے چار مہینے پہلے ایک فہرست بھی دی تھی اور راجہ بشارت صاحب، جو اس وقت وزیر تھے، انہوں نے اس پر دستخط بھی کیے تھے لیکن اس کے باوجود کوئی عمل نہیں ہوا اور وزیر موصوف ایوان میں آکر اس طرح کی باتیں کر رہے ہیں کہ بلوچستان دوسرے صوبوں کے ساتھ برابر ہے۔ کم از کم آپ یہ تو تسلیم کریں کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ آپ بلوچستان میں utility stores نہ کھولیں لیکن یہ تو آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہم بہت شریف لوگ ہیں، اس تسلی پر بھی راضی ہو جاتے ہیں۔ حاصل بزنجو صاحب۔

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: جناب! پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ جو وزیر موصوف کی طرف سے statement آئی ہے کہ جہاں banks نہیں ہوں گے وہاں ہم یوٹیلٹی سٹورز نہیں کھول سکتے۔ پاکستان میں جو banks ہیں specially National Bank اس کی یہ ذمہ داری ہے کہ ہر تحصیل اور ڈسٹرکٹ میں اس کی شاخیں ہونی چاہییں۔ ہم نے باقاعدہ سینیٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی میں منسٹری آف فنانس کو یہ کہا تھا کہ اگر کہیں National Bank نہیں ہے تو you are violating the Constitution. آپ کو ہر جگہ پر یہ banks کھولنے ہیں۔ صرف بلوچستان میں نہیں بلکہ پاکستان میں کہیں بھی نہیں کھولے ہیں تو they are violating the Constitution.

جناب قائم مقام چیئرمین: میر ولی محمد بادینی صاحب۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی: معزز سینیٹر نے جو سوال آج کیا اور پچھلی دفعہ بھی کیا گیا تھا۔ یہاں پر ہمیں صرف تسلیاں مل رہی ہیں، اور کچھ بھی نہیں ہو رہا ہے۔ پچھلی دفعہ سردار بہادر خان صاحب تھے، اس نے کہا تھا کہ جی آپ آئیں اور جن چیزوں کی آپ کو ضرورت ہو وہ ہمیں بتائیں۔ جب ہم ان کے پاس گئے تو اس نے کہا کہ یہ تو ہمارے پاس نہیں ہے۔ آپ دوسرے منسٹر کے پاس جائیں۔ ان تسلیوں سے پیٹ نہیں بھرتا ہے۔ باقی رہا بنک کا سوال تو ہر ضلع میں بنک موجود ہے۔ یہ بہانے

چھوڑیں اگر دینا چاہتے ہیں تو دے دیں اور اگر نہیں دیتے تو جواب دے دیں۔ ہمیں یہاں پر تسلیاں کیوں دے رہے ہیں؟ ہمیں کیوں کہا جا رہا ہے کہ یہ ہو رہا ہے۔ غلط جواب کیوں دے رہے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، پرویز رشید صاحب۔ ایک خاتون کے بارے میں ہم نے سنا تھا کہ جو اپنی اولاد کو بھوک کی وجہ سے گرم پانی میں پتھر ڈال کر دیگچے سے آواز نکال رہی تھی۔ ایک تھا وہ چارلی چیپلن والا حصہ کہ جب بھوک اور افلاس آتی ہے تو وہ اپنا جوتا دیگچے میں ڈالتا ہے اور اس کو گرم کرتا ہے Soup کا اشارہ دینے کے لئے۔ توقع ہے کہ ان اشاروں میں ہم نہیں رہیں گے۔ جی، پرویز رشید صاحب۔

سینیٹر پرویز رشید: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف دلوانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے ہمیں بتلایا ہے کہ کل یوٹیلٹی سٹورز 1325 پاکستان میں موجود ہیں۔ جناب والا! اگر اسے ہم اپنی آبادی کے تناسب سے دیکھیں تو یہ 00001%. سے کم تعداد بنتی ہے۔ جناب والا! اگر ہم اسے آبادی کے تناسب سے دیکھیں تو 18 کروڑ کی آبادی ہے اور 1325 سٹورز ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تقریباً 18 لاکھ لوگوں کو ایک سٹور میسر آتا ہے۔ جناب والا! اگر اسے ہم رقبے کے لحاظ سے دیکھیں جو پاکستان کا رقبہ موجود ہے۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ 1325 پچھلے دو سالوں میں کھولے گئے ہیں۔ ویسے تو اس سے زیادہ ہیں۔

سینیٹر پرویز رشید: جناب چیئرمین صاحب! میں عرض کرتا ہوں۔ میری بات ذرا مکمل ہونے دیجیے گا۔ اگر ہم اسے رقبے کے لحاظ سے تقسیم کریں جو پاکستان کا رقبہ ہے اور بلوچستان کے رقبے کے لحاظ سے تقسیم کریں تو کافی لمبے سفر کے بعد ایک سٹور میسر آتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی صارف کے پاس بلٹ ٹرین موجود ہو اور وہ بلٹ ٹرین پر بیٹھ کر جائے گا اور دال یوٹیلٹی سٹور سے خریدے گا، تب بھی کم از کم تین سے چار یا پانچ گھنٹوں کے بعد وہ اپنے گھر پہنچے گا۔

جناب والا! یہ تو ان کے سٹورز کا جغرافیہ ہے لیکن اس سے بھی جو زیادہ اہم بات ہے اور جس کے لئے اگر وزیر صاحب یہاں تشریف رکھتے، اللہ تعالیٰ انہیں توفیق دے ہاؤس میں آنے کی اور ان سوالوں کا جواب دینے کی۔ جناب والا! خود ایک سٹینڈنگ کمیٹی میں یوٹیلٹی سٹورز کے جنرل منیجر نے یہ اعتراف کیا کہ ہم لوگوں کو چائے کی وہ پتی فروخت کرتے ہیں جس میں رنگ ڈالا ہوتا ہے، چنے کا چھلکا

جس میں mix کیا ہوتا ہے۔ یہ اعتراف کیا گیا ہے یوٹیلٹی سٹورز کے MD کی طرف سے۔ پھر یہ بھی اعتراف کیا گیا کہ وہاں جو دال بیچی جاتی ہے اس میں بھی ملاوٹ کی جاتی ہے اور اس میں سے کنکر نکلتے ہیں۔ جو چاول بیچا جاتا ہے وہ چاول ناکارہ چاول ہوتا ہے۔ چینی وہ بیچی جاتی ہے جس میں مٹھاس ہی نہیں ہوتی۔ پھر ہمیں یہ پیشکش کر دی گئی ہے کہ جناب آپ اپنے لئے خود ہی فرانچائز کریں اور خود اپنے لئے سٹورز کھول لیں۔ جناب وزیر صاحب! یہ مجھے بتائیں کہ اگر ہمارے پاس اتنی دولت ہو کہ ہم خود ہی اپنے لئے یوٹیلٹی سٹورز کھول سکیں تو ہم آپ سے رعایتی نرخوں پر سامان خریدنے کے لئے آپ کی منت اور ترلے کیوں کر رہے ہوں۔ پھر تو ہم جناب والا! چیزیں خریدنے کی بجائے چیزیں دینے والوں میں شمار ہوں گے۔ یہ پاکستان کے لوگوں کی غربت کا جو مذاق اڑایا گیا کہ جناب اپنے لئے سٹورز خود کھول لو۔ جناب! اگر وہ خود سٹور کھول سکتے ہوں تو آپ سے وہ چیزیں کیوں مانگتے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: پرویز رشید صاحب! آپ کا سوال ہو گیا ہے۔ ہم آگے بھی جائیں گے۔ جی، شاہد بگٹی صاحب۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! ابھی وزیر موصوف نے ڈاکٹر اسمٰعیل بلیدی کے سوال کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ یوٹیلٹی سٹورز کھولنے کی ایک شرط یہ بھی ہوتی ہے کہ وہاں پر بنک ہو۔ جناب! بلوچستان کے حالات سے آپ بھی واقف ہیں اور میں بھی واقف ہوں۔ یہ حضرات واقف نہیں ہیں۔ میرا سوال یہ ہے، ان کے اپنے جواب کے پیرائے میں، ٹھیک ہے بلوچستان میں بنک بہت کم ہیں لیکن وہاں پر Post Offices موجود ہیں اور یہ Post Offices بھی banking services provide کر رہے ہیں۔ جہاں پر Post Offices موجود ہیں وہاں پر یہ کیوں نہیں کھولتے ہیں۔

میرا دوسرا مختصر سوال یہ ہے کہ کیا پورے پاکستان کے سویلین لوگوں میں کوئی ایسا شخص انہیں نہیں ملا جسے یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کا MD لگایا جاتا۔ انہوں نے پھر ایک ریٹائرڈ فوجی کو MD کے طور پر تعینات کیا ہے۔ میرے ان دو سوالوں کے جوابات دیے جائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بہت لمبے سوال ہو گئے ہیں۔

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! بڑے مختصر سوال ہیں۔ نہایت ہی مختصر سوال ہیں۔ دو چھوٹے چھوٹے سوال ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ صاحب! دو تین اور supplementary سوال ہو جائیں تو پھر تمام سوالوں کا مفصل جواب دیں گے؟

سینیٹر شاہد حسن بگٹی: جناب! اس طرح وہ تمام جوابات intermingle ہو جاتے ہیں۔ ایک ایک سوال کا جواب دیا جائے تو بہتر ہے۔

خواجہ شیراز محمود (وزیر مملکت برائے پیداوار): جناب چیئرمین! اس میں زیادہ detail میں تو میں بات نہیں کر سکتا کیونکہ میرے لئے انتہائی قابل احترام ہیں تمام ممبران۔ میں ایک عرض ضرور کروں گا کہ جہاں تک banking system کا تعلق ہے، میرے خیال میں تمام District Headquarters اور تمام Tehsil Headquarters میں یہ موجود ہیں۔ اگر کہیں پر نہیں ہے وہ میرے knowledge میں نہیں ہے۔ میں اس کو ضرور highlight بھی کروں گا اور میں commit کرتا ہوں کہ اگر National Bank کی برانچ تحصیل ہیڈ کوارٹر پر نہیں ہو گی تو ہم بھی اس کو کہیں گے کہ کھول دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: National Bank سرکار کا ہوتا ہے۔

خواجہ شیراز محمود: جناب چیئرمین! اگر مجھے اجازت دیں تو میں اپنی بات کر دوں۔ میں گزارش یہ کروں گا کہ پرائیویٹ سیکٹر کے جو banks ہیں، جو Private Banking System ہے اس کے تحت ہم کسی بھی بنک کو مجبور نہیں کر سکتے کہ ہر صورت میں تم نے اس جگہ پر برانچ کھولنی ہے۔ وہ اپنا business اور اپنی viability چیک کر کے ہی معاملات کو آگے بڑھاتے ہیں۔ جہاں تک معزز سینیٹر نے کہا کہ Post Offices بھی facility provide کرتے ہیں تو جناب! وہ limited facility provide کرتے ہیں۔ میں آپ کی طرف سے اور معزز ممبران کی طرف سے یو ٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کے MD تک یہ بات ضرور پہنچاؤں گا کہ اس facility کو use کر کے خاص طور پر بلوچستان کے اندر اور ان far flung areas میں جو فاٹا ہے یہ سٹورز کھول دیں۔ میں خود tribal area سے belong کرتا ہوں۔ میرا اپنا tribe بھی بلوچستان کے اندر ہے۔ میرا بلوچستان کے ساتھ بڑا link ہے۔ میں ضرور یہ چاہوں گا کہ ان تمام areas میں جہاں پر یہ facility نہیں ہے وہاں پر یو ٹیلٹی سٹورز کی official branches کام کرنی چاہییں۔ میں یہ ضرور کہتا چلوں کہ جو franchise ہے یو ٹیلٹی سٹورز کی وہ بھی کوئی اس قسم کا معاملہ نہیں ہوتا کہ جس میں آپ کہہ دیں کہ یو ٹیلٹی سٹور آپ سے

کوئی پیسے demand کرتا ہے۔ وہ ایک agreement ہوتا ہے۔ اس میں یہ facility دیکھی جاتی ہے کہ جو responsibility ہے وہ share کرنے کے لئے لوگوں کو اس میں involve کر لیا جائے کیونکہ basically روپے پیسے کا معاملہ ہے۔ اس کے علاوہ جو بات ہوئی MD sahib کے تقرر کی تو مختلف organizations میں جو بھی موزوں آدمی سمجھا جاتا ہے اس کو یہ responsibility دی جاتی ہے۔ اس معاملے میں اتنا ہی کہہ سکوں گا۔ بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اگر کوئی civilian آجائے تو وہ بہتر ہوتا ہے کیونکہ وہ commercial معاملات زیادہ بہتر جانتا ہے۔ جی ثریا امیر الدین صاحبہ۔

سینیٹر ثریا امیر الدین: شکریہ جناب والا۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اگر آپ بلوچستان کے Utility Stores کو دیکھیں تو ہمارے جو پاکستانی ہیں وہ تو اپنی اپنی duties پر گئے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب آٹا مہنگا ہوتا ہے، چینی مہنگی ہوتی ہے یا کوئی بھی اشیاء مہنگی ہوتی ہیں تو یہ افغانی لائن میں لگ جاتے ہیں اور ان Utility Stores سے وہ اشیاء خریدتے ہیں اور پھر باہر انہی چیزوں کو مہنگے داموں ہم لوگوں کو بیچتے ہیں کیونکہ ہم وہاں پر اتنے جلدی نہیں پہنچ سکتے کہ ہم لائن میں لگیں اور چیزیں خریدیں۔ آپ دیکھیں بلوچستان میں افغانیوں کا Utility Stores پر بہت زیادہ rush ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمارے لیے سہولت فراہم کی جائے کہ پاکستانیوں کو موقع دیا جائے۔ جتنے بھی گھر خالی ہو رہے ہیں سارے افغانی خرید رہے ہیں۔ اگر آپ کوئٹہ آئیں تو آپ کو لگے گا کہ آپ افغانستان میں بیٹھے ہوئے ہیں، پاکستان میں نہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ جی زاہد خان صاحب۔ حافظ رشید صاحب ان کے بعد آپ کو موقع ملے گا۔

سینیٹر محمد زاہد خان: میرے خیال میں ان کا اور میرا ایک ہی سوال ہے۔ اگر وزیر موصوف توجہ دیں، فاٹا میں تو ایک بھی Utility Store نہیں ہے۔ اس وقت فاٹا میں آٹھ یا نو ایجنسیاں ہیں اور سوال یہ نہیں ہے کہ وہاں پر Utility Stores نہیں ہیں بلکہ میرا سوال یہ ہے کہ تین مہینے پہلے اسی فلور پر یہ سوال اٹھایا گیا تھا اور اس وقت کے وزیر نے یہ جواب دیا، ایک تو وزیر بھی تبدیل ہوتے رہتے ہیں، آج ایک ہے کل دوسرا ہوتا ہے، انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ next time جب میں ایوان میں آؤں گا تو اس وقت فاٹا میں Utility Stores ضرور ہوں گے لیکن معاملہ اب بھی zero

ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وزیر موصوف نے یہ ایک عجیب بات کی، وہ کہتے ہیں کہ وہ suitable بندہ دیکھتے ہیں اور اس کو MD لگاتے ہیں۔ کیا فوجیوں کے علاوہ کوئی بھی suitable بندہ نہیں ہے پاکستان میں؟ کیا آپ نے interview کے لیے کسی کو call کیا؟ کیا آپ نے advertisement کی ہے؟ اور اگر advertisement کی ہے تو اس میں merit دیکھیں لیکن ایک فوجی کو لا کر بٹھا دیتے ہیں اور پھر ایوان میں یہی جواب دیتے ہیں کہ جی وہ suitable بندہ ہے۔ یہ عجیب سی بات ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ جی حافظ رشید صاحب۔ قومی اسمبلی میں تو اتنے سوالات نہیں ہوتے ہمارے ہاں تو پوری داستان سعدی ہوتی ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! میں یہی فریاد کرنا چاہ رہا ہوں بلکہ یہی رونا رو رہا ہوں کہ ہماری آٹھ ایجنسیاں ہیں اور ہر ایجنسی میں تقریباً سات، آٹھ یا نو تحصیلیں ہیں۔ ان میں سے کسی ایک میں پچھلے دو سال میں کوئی یوٹیلیٹی سٹور نہیں کھولا گیا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم ایک تو ہر طرف سے دھکے کھا رہے ہیں اور مارے بھی جا رہے ہیں، آپ ہمیں ادھر رونے کا موقع بھی نہیں دیتے۔ جناب چیئرمین! اس میں فاٹا کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ظلم ہے، ابھی وزیر صاحب امن و امان کا بہانہ بنائیں گے۔ اس وقت ہماری مہمند ایجنسی الحمدللہ ٹھیک ہے۔ حکومت جب امن و امان خراب کرنا چاہتی ہے تو حالات خراب ہو جاتے ہیں، جب یہ لوگ ٹھیک کرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک بھی ہو جاتا ہے۔ ٹھیک بھی یہی لوگ کرتے ہیں۔ ان کو طریقہ آتا ہے، ہمیں یہ بہانہ نہ کریں، ان کو طریقہ آتا ہے۔ امن و امان کس کی ذمہ داری ہے، امن و امان بھی حکومت کی ذمہ داری ہے کسی اور کی ذمہ داری نہیں ہے، جب یہ ذمہ داری نبھاتے نہیں ہیں تو پھر خدا ہی اس ملک کا حافظ ہے، ہم کیا کر سکتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس میں ہمارا نام نہیں ہے اور نام نہ ہونے کی وجہ سے میں ٹوکن واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس مرحلے پر سینیٹر حافظ رشید احمد نے علامتی واک آؤٹ کیا)

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ کا کہیں جانے کا موڈ ہے جو ٹوکن واک آؤٹ کرتے ہیں۔ پھر واپس آجائیے گا۔ جی مشہدی صاحب۔ درانی صاحب حافظ صاحب کو واپس لے آئیں کہیں پچھلے دروازے سے نہ نکل جائیں۔ واپس لے آئیں۔ جی طاہر مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. The time has come when action must replace rhetoric.

اب آپ بلوچستان کے متعلق سن رہے ہیں ، ہم سنتے رہے ہیں اور سنتے رہیں گے کیونکہ ہمیں ہمیشہ rhetoric سے ٹالا جاتا ہے اور action کوئی بھی نہیں دکھایا جاتا۔ بلیدی صاحب نے بالکل صحیح سوال کیا ہے کہ آپ ہمارے چھوٹے صوبوں کو خاطر میں نہیں لاتے in spite of the 18th Amendment لوگوں نے بہت بڑی قربانی دی ہے۔ پاکستان میں ہمارے سیاستدانوں نے بہت بڑی قربانی دی ہے ، ہمارے عوام نے بہت بڑی قربانی دے کر ، بہت جدوجہد کر کے 18th Amendment پاس کروائی ہے اور صوبائی خود مختاری بڑی مشکل سے کچھ نہ کچھ حد تک ملی ہے۔ ابھی تو بہت راستہ باقی ہے مگر بلوچستان کو اس ہی طرح ignore کیا جاتا ہے۔ میں آپ کو کل کی ایک مثال دیتا ہوں۔ کل ہماری سپیشل کمیٹی کی یہاں پر میٹنگ ہوئی۔ قائد اعظم یونیورسٹی جو کہ fountain of inspiration ہے پاکستان کی اس میں 995 ملازمین میں سے تین بلوچستان سے، ایک صوبہ سندھ سے ہے۔ اس قسم کی چیز تو ہر جگہ پر ہو رہی ہے۔ اب یوٹیلیٹی سٹورز میں بھی اسے highlight کیا گیا ہے ایک تو بلوچستان میں سٹورز ہیں ہی نہیں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اگر بینک نہیں ہیں تو بینک ہم کسی دوسرے ملک سے تو نہیں مانگ رہے، ہم پاکستان سے بلوچستان کے لیے مانگ رہے ہیں۔ نیشنل بینک آف پاکستان بلوچستان کا بھی بینک ہے وہاں پر شاخیں کھولیں، یوٹیلیٹی سٹورز بھی کھول دیں، اگر کوئی کرنا چاہے تو کر سکتے ہیں۔ اگر کرنا ہی نہیں ہے، اگر صرف ٹرخانا ہے، صرف تقریروں میں ٹرخانا ہے اور وزیروں نے یہاں پر بڑے بڑے دعوے اور تقریریں کر کے چلا جانا ہے اور بلوچستان کو ہر چیز سے محروم رکھنا ہے چاہے یوٹیلیٹی سٹورز ہوں، چاہے ان کی نوکریاں ہوں، چاہے کچھ بھی معاملات ہوں۔ اگر چھوٹے صوبوں کو ابھی بھی پورے حقوق نہیں دینے، ان کے ساتھ انصاف نہیں کرنا، ان کو عزت و خود مختاری نہیں دینی تو تقریریں کرنے کا فائدہ کیا۔ آپ صاف صاف کہہ دیں جیسے بلیدی صاحب نے کہا ہے کہ ہم بلوچستان کے لیے کچھ نہیں کرنا چاہتے تو پھر بلوچ خود ہی سوچ لیں گے کہ انہوں نے کیا کرنا ہے۔ اگر آپ نے کرنا ہے تو پھر کر کے دکھائیں۔ Actions must replace rhetoric. شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ابھی سپلیمنٹری میں نہیں جاتے، آسان طریقہ ہے ۔ خواجہ صاحب آپ سینیٹرز کے ساتھ اگلے منگل سے پہلے ایک میٹنگ کر لیں، ان کی سفارشات ہر صوبے کے لحاظ سے لے لیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: وہاں پانچ سو کلومیٹر average کے حساب سے ایک یوٹیلیٹی سٹور ہے تو ہم مطالبہ نہیں کرتے۔ اندازہ لگائیں کہ ایک بندہ اگر یوٹیلیٹی سٹور سے سودا خریدے گا تو کیا وہ پانچ سو میل کا فاصلہ طے کر سکتا ہے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ صاحب میں آپ کو طریقہ دے رہا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اگر وزیر صاحب پرسوں کا وقت دیں اور بلوچستان سے متعلقہ جو ممبران ہیں ان کو بلائیں ، ان کو مطمئن کریں کہ ہمارا حق کتنے سٹوروں کا بنتا ہے۔ ہماری ملازمتیں کتنی بنتی ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ صاحب ایسے کریں کہ ایک میٹنگ بلا لیں اور سینیٹرز کو open invitation دیں، ہر صوبے کی سفارشات بھی دیں اور ان کو information بھی دیں۔ خیبر پختونخوا کے ، فاٹا کے سوالات بھی ہیں سب کو بلا لیں، اگلے منگل کو آپ تیاری کر کے آئیں اور ہمیں رپورٹ پیش کریں گے کہ میٹنگ میں یہ سفارشات آئی ہیں اور اس پر ہم آگے بڑھیں گے۔ آسان کر دیا ہے، ابھی آپ سپلیمنٹری کا جواب بھی نہ دیں، ایک میٹنگ کر لیں اور ہمیں جواب دیں۔.

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! میرے اتنے اہم سوالات ہیں وہ ہمیشہ رہ جاتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ان کے سارے سوالات defer کئے ہیں، اور انشاء اللہ 2013 سے پہلے جواب دیں گے۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ابھی پوائنٹ آف آرڈر نہیں لیں گے، ایجنڈا ختم کر لینے دیں پھر point of order ہے۔ Now the Question Hour is over. Remaining

questions and answers are placed on the table of the House. Leave applications.

92. *Senator S. M. Zafar: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state the names of Pakistanis taken hostage by pirates since 2008 and their present status?

Ms. Hina Rabbani Khar: According to the available information piracy cases with Pakistani crew members on board off-the-coast of Somalia during the period 2008—-2011. are as under:—

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب! میری ایک تجویز ہے۔ کیونکہ یہ معاملہ industry کے لیے واقعی sensitive ہے، میں نے رضا صاحب سے بھی پہلے کہا تھا اور انہوں نے بعد میں بڑی اچھی intervention کی، جیسا کہ انہوں نے فرمایا کہ Chief Minister cooperate کر رہے ہیں، میں نے تو FBR سے بھی بات کی کیونکہ ان کا cancer related material بھی clear ہونے سے رک گیا تھا because there was no authority to certify that it is cancer related raw material اس پر ڈیوٹی نہیں لگنی چاہیے۔ میں نے پھر FBR سے بات کی، ان کے لیے post dated cheque arrange کروا کر دیا اور پھر اس کو تین مہینے extend کروایا۔ جناب! یہ اتنا simple issue ہے کہ اگر کل اس معاملے کو حل کرنے کے لیے meaningful meeting کرنی ہے، دس items پر بھی بیٹھنا چاہیے، 12 total ہیں، Leader of the House may kindly communicate with the Prime Minister and he knows the subject. خاص طور پر Sheikh Zaid is just an ego issue. I don't know why. اگر یہ اس کا فیصلہ لے آئیں تو جناب! ہم آپ کے چیمبر میں ہی ان کو کل ہی فوری طور پر حل کر سکتے ہیں۔

Problem of Gas and Proprietary Rights in Islamabad

جناب قائم مقام چیئرمین: جی کل انشا اللہ۔ پروفیسر ساجد میر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: جناب چیئرمین! میں اس خصوصی توجہ پر بہت شکر گزار ہوں۔ جناب! کل جناب محترم مشہدی صاحب نے اسلام آباد کے G-8, G-9/2 sectors کے بارے میں ایک point of order raise کیا تھا۔ یہ بڑا urgent مسئلہ ہے کیونکہ اس میں چھوٹے اور غریب ملازمین involve ہیں اور حد یہ ہے کہ ان کے بچے بغیر ناشتہ کیے سکول جا رہے ہیں، وہ خود دفتروں میں اور کام پر بغیر ناشتے کے جا رہے ہیں کیونکہ وہاں صبح پانچ بجے سے بارہ بجے تک گیس نہیں ہوتی اور

ستم کی بات یہ ہے کہ G-9 کے باقی سیکٹروں میں گیس آرہی ہے۔ G-9/2 میں چونکہ چھوٹے ملازمین رہتے ہیں، ان کی طرف کوئی توجہ نہیں ہے۔ میں آپ کی وساطت سے جناب قائد ایوان سے درخواست کروں گا کیونکہ باقی وزراء تو نظر نہیں آرہے، ان پر ہی سارا بوجھ آ گیا ہے، وہ اس کو مہربانی فرما کر respond کریں۔ وہ respond کرنے کے لیے bound نہیں ہیں، مجھے معلوم ہے لیکن چونکہ چھوٹے ملازمین اور غریب لوگوں کا مسئلہ ہے اس لیے respond کریں اور ہمیں کوئی اچھی خبر سنائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بابر غوری صاحب، آپ اس پر respond کریں گے یا Leader of the House کریں گے؟

سینیٹر بابر خان غوری: جناب! میں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ جو ساجد میر صاحب نے کہا ہے، کل اس پر مشہدی صاحب نے بھی بات کی تھی، یہ خالی گیس کا معاملہ نہیں ہے۔ چھوٹے ملازمین کا بڑے عرصے سے G-6, G-9 کا issue چل رہا ہے۔ میں جب Housing کا minister تھا تو ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ جس فلیٹ میں جو ملازم رہائش پذیر ہے اس کو وہ جگہ مستقل بنیادوں پر الاٹ کر دی جائے۔ کافی دنوں سے وہ issue pending ہے۔ ان تمام issues کو اس کے ساتھ club کر لیں تا کہ ان کا یہ دیرینہ مسئلہ حل ہو۔ جو لوگ illegal بیٹھے ہوتے ہیں، ان کو lease کر دیتے ہیں لیکن جو لوگ چالیس، پچاس سال سے پاکستان کی خدمت کر رہے ہیں، ان کی رہائش کا مسئلہ ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ specifically اسلام آباد کی بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر بابر خان غوری: جناب! میں اسلام آباد اور all over the Pakistan کی بات کر رہا ہوں۔ خاص طور پر چونکہ G-6 کے غریب ملازمین کی بات ہوئی ہے تو اس کے ساتھ یہ issue بھی club کر لیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بخاری صاحب، this is right near you.

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: جناب! جو پرفیسر ساجد میر صاحب نے بات کی۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: غوری صاحب والے point کا بھی نوٹس لیں۔ Specific gas and ملازمین کے property rights دونوں۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: We are cognizant of this.

ایک issue ہے کہ اسلام آباد کے بہت سارے sectors میں گیس کی problem ہے۔ I have already called the GM Islamabad to my office today. پروفیسر صاحب، آپ بے شک ڈیڑھ بجے تشریف لے آئیں، ہم نے already اس بات کا notice لیا ہوا ہے اور میں نے GM کو اپنے دفتر میں طلب کیا ہے۔ پروفیسر صاحب تشریف لے آئیں، we can sort out that issue over there, we do realize کہ وہ بڑی problem ہے۔ بالخصوص صبح اور شام کو گیس نہیں ملتی، یہ بڑی hardship ہے اور certainly, we want to sort it out.

ان کا جو proprietary rights کا issue ہے، جناب! یہ بڑا long pending ہے، issue there are some policies on it. I still recall that when Mohtarma Benanir Bhutto (*shaheed) sahiba* became first time Prime Minister of Pakistan in 1988, اس وقت committee constitute ہوئی تھی، ان کی اس کے بارے میں ہدایت تھی کہ ہمیں proprietary rights دینے چاہئیں۔ اس میں process بھی ہوا لیکن subsequently it could not be materialized. میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر جو لوگ 50, 40 سال سے بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کا proprietary rights کا جو معاملہ ہے، it should be resolved, ان کو یہ right ملنا چاہیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میڈم کلثوم صاحبہ۔ میں دونوں طرف آؤں گا، میری آپ کی طرف بھی نظر پڑ رہی ہے۔ میڈم کلثوم صاحبہ کافی دیر سے انتظار کر رہی ہیں، اس لیے میں نے ولی بادینی صاحب کو بھی موقع نہیں دیا، میں نے کہا پہلے میڈم کلثوم بات کر لیں۔

سینیٹر کلثوم پروین: شکریہ جناب چیئرمین۔ ڈار صاحب نے پہلے جو بات کی تھی، میں اس کو second یوں کروں گی کہ اگر شیخ زید کا کوٹہ بلوچستان کو دیا جاتا ہے تو پنجاب کو کیوں نہیں دیا جانا چاہیے۔ میرا خیال ہے کہ equal strategy ہونی چاہیے اور اٹھارھویں ترمیم کے بعد اس پر ان کا اختیار ہے۔

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے بلوچستان سے وفاق میں کوئی وفاقی سیکرٹری نہیں ہے، اب ایک راجہ امین صاحب رہ گئے ہیں، مجھے پتا نہیں کہ ان کو کتنے عرصے تک رہنے دیا جاتا ہے۔ جناب! اس بات پر توجہ دیں، ابھی بلیدی صاحب یہی شور مچا رہے تھے کہ بلوچستان سے وفاق میں کوئی

وفاقی سیکرٹری نہیں ہے۔ آپ اس وقت خود Chair کر رہے ہیں، آپ اس چیز کا خود بھی notice لیں کہ کیا ہمارے ہاں لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ وہ وفاق میں وفاقی سیکرٹری ہوں۔ میرا خیال ہے کہ اس کا اختیار Chief Minister کو دیا جائے۔ شاید ہمارا کوٹا 5.2% بنتا ہے، اگر زیادہ نہیں تو کم از کم چار، پانچ وفاقی سیکرٹری ہونے چاہئیں اور ان کو ایسے departments ملنے چاہئیں، جیسے commerce and industry departments ہیں، اس قسم کے ہونے چاہئیں، یہ نہ ہو کہ ان کو کھڈے لائن لگا دیا جائے۔ Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ میڈم۔ حاصل خان بزنجو صاحب۔ Madam, I am with you, میرے خیال میں بلوچستان اور ہمارے خیبر پختونخوا کے بھائی they realize this کہ ان کی اس وفاقی set up میں FATA کی نمائندگی بہت کم ہے، اگر وفاق کو چلانا ہے تو نمائندگی دیں، نہیں چلانا تو ہمیں بتا دیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: وہ ادھر ہیں، بابر غوری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، یہ Cabinet کا حصہ ہیں، بخاری صاحب آجائیں گے۔ بابر غوری صاحب! آپ ذمہ داری اٹھا سکتے ہیں، آپ کابینہ کا حصہ ہیں؟ جی بابر غوری صاحب کو سن لیتے ہیں۔ کہاں تک سنو گے، کب تک سنائیں۔ جی بابر غوری صاحب جواب دیں، آپ واحد شخص ہیں جن کا دل ہمارے ساتھ ہے لیکن آپ کابینہ کا حصہ ہیں۔

سینیٹر بابر خان غوری: میں بحیثیت وزیر ان سب کی آوازیں وہاں تک پہنچاؤں گا لیکن میں ایک بات کہوں گا کہ ہمیں ایک پاکستانی قوم بننے کی ضرورت ہے، اگر پنجاب کے لوگ کام کر رہے ہیں تو کوئی بات نہیں ہے کیونکہ وہ بھی پاکستانی ہیں۔ ہم ان کے issues کو بھی پہنچائیں گے۔ ماشاء اللہ ان کی آواز سب جگہ پر پہنچ رہی ہے، یہ بغیر mike کے آواز پہنچاتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ جی۔ آپ میری بات مانیں، آپ میری بات مانتے نہیں ہیں، اس کو اہمیت نہیں دیتے۔ سینیٹ کے direct elections کی بات کریں، American Senate کی طرح ہو جائے، برابری کی بنیاد پر سیدھے ہوتے ہیں کہ نہیں ہوتے۔ آپ وہ کرنا نہیں

چاہتے، اس وقت خاموش ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ہماری خواہش یہ ہے کہ اختیارات نہیں ہیں تو ہمیں گھر بیٹھنا چاہیے۔ جی حاصل بزنجو صاحب۔

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: جناب! میرا point of order انتہائی اہم مسئلے پر ہے لیکن پھر سوال یہ ہے کہ کم از کم باقی موجود نہیں تو جس کی ذمہ داری ہے۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہم House والے بابر غوری کو اپنا سمجھتے ہیں۔

Fate of 5000 Jobs Given to Balochistan

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: جناب! جس کو Leader of the House بنایا گیا ہے، وہ تو کم از کم یہاں بیٹھیں، اگر باقی کوئی نہیں بیٹھتا، وزراء ویسے بھی نہیں بیٹھتے۔ جناب! میرا point of order انتہائی اہم مسئلے پر ہے۔ میں پہلے رضا ربانی صاحب کو بتاؤں گا۔ جناب چیئرمین صاحب! اگر آپ کو یاد ہو کہ یہ سارے House کے Members یہاں پر موجود تھے، میرے بھائی رضا ربانی نے وزیراعظم صاحب کی موجودگی میں ایک بہت بڑا اعلان کیا اور اس کا پورے ملک میں اتنا ڈھنڈورا پیٹا گیا کہ ہم نے بلوچستان میں ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ اب بلوچستان کے لوگوں کی قسمت بدلے گی اور اس کو آغاز حقوق بلوچستان کا نام دیا گیا کہ بلوچستان میں حقوق کا آغاز ہو چکا ہے، اب ہر کسی کو وہ حقوق ملیں گے، مگر بدقسمتی یہ ہوئی کہ ہم تو media کو جواب دے دے کر تھک گئے کہ یہ آغاز حقوق بلوچستان کچھ نہیں ہے، مگر ہماری بات کوئی سننے کو تیار نہیں ہے۔ انہوں نے اعلان کیا آغاز حقوق بلوچستان کے تحت ہم نے بلوچستان میں پانچ ہزار نوکریاں دی ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! آپ کے حلقے میں بھی ہوں گے، عبدالرحیم مندوخیل کے حلقے میں بھی ہوں گے، یہاں پر جتنے بلوچستان کے Senators بیٹھے ہیں، ان سب کے حلقوں میں یہ بھرتی کی گئی ہے۔ فیصلہ یہ تھا کہ یہ جو ملازمتیں ہوں گی، یہ Federal Government کی ہیں جو بلوچستان کو دی جائیں گی۔ جو بلوچستان کا 5.6% کوٹا ہے، اس سے دی جائیں گی، مگر Federal Government سے ایک بھی ملازمت نہیں دی گئی۔ بلوچستان میں education department میں جتنی خالی اسامیاں تھیں، آپ کے علم میں یہ ہوگا، education department کی جتنی اسامیاں تھیں، کچھ لوگ جو بلوچستان چھوڑ کر آ گئے تھے یا وہ اسامیاں خالی پڑی ہوئی تھیں، ان کو باقاعدہ پر کیا گیا۔ ان کو آغاز حقوق بلوچستان کا نام دیا گیا اور یہ کہا گیا کہ Federal Government دو سال تک ان کو خود تنخواہ دے گی، اس کے بعد ان کو بلوچستان

Government لے گی، مگر آج صورت حال یہ ہے کہ پانچ ہزار لوگ جن کو آغاز حقوق بلوچستان کے نام پر بھرتی کیا گیا، ان کو نہ تنخواہیں مل رہی ہیں، نہ وہ permanent ہیں، نہ ان کو یہ پتا ہے کہ وہ کن کی service میں ہیں۔ آپ اتنا زیادہ propaganda کرتے ہیں، آپ پوری دنیا کو سر پر اٹھاتے ہیں کہ ہم نے بلوچستان کو یہ دیا، یہ پھر بھی شور کرتے ہیں۔ اس کی صورت حال یہ ہے کہ آج تمام teachers کو ژوب سے لے کر گوادر تک یہ معلوم ہی نہیں ہے کہ ہم کس کے ملازم ہیں۔ انہیں Provincial Government لینے کو تیار نہیں ہے، Federal Government نے کہا کہ ہم نے دو سال کا وعدہ کیا تھا۔ ان کا نہ کوئی service rule ہے، نہ ان کی pension کی بات ہوتی ہے، نہ ان کو permanent کرنے کی بات ہوتی ہے اور وہ بے یار و مددگار پڑے ہوئے ہیں، وہ سب پریشان ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کی ruling چاہوں گا، اگر آپ اس پر ruling دیں گے تو ہم بیٹھیں گے، اگر آپ ruling نہیں دیں گے تو بلوچستان کا ایک بھی سینیٹر یہاں پر نہیں بیٹھے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس کا مطلب ہے کہ مجھے بھی seat چھوڑ کر جانا پڑے گا۔ جی رضا ربانی صاحب! وضاحت کریں۔ نہیں، عبدالرحیم مندوخیل بھی بات کر لیں کیونکہ ایک issue اٹھا ہے، ایک اعلان ہوا ہے، ایک commitment on the floor of House ہوئی ہے، پانچ ہزار لوگوں کی نوکریوں کا مسئلہ آگیا ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ حاصل بزنجو صاحب نے یہاں پر جو بھی فرمایا، جو حقائق بیان کئے ہیں، میں ان کی مکمل تائید کرتا ہوں۔ اس حوالے سے یہ بالکل ضروری ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ وہ ہمیں services دے رہے ہیں اور دیں گے۔ حالت یہ ہے کہ جتنی بے روزگاری ہمارے صوبے میں ہے، کہیں نہیں ہے۔ اگرچہ تمام ملک میں ایسے حالات ہیں لیکن ہماری حالت بہت ہی خراب ہے۔ ہمارے دوست اکثر یہاں کہتے ہیں کہ سنٹرل سیکرٹریٹ میں ہمارا ایک سیکریٹری ہے اور پھر کہتے ہیں کہ ایک تو دے دو، کیوں؟ جناب والا! 60 سال سے ہمارا کوٹا مختص تھا، وہ ہمیں 60 سال سے نہیں دیا گیا۔ اب اس کا آپ اس طرح مداوا کر رہے ہیں کہ ایک سیکریٹری یہاں آجائے۔ ایسی بات نہیں ہے، ہمارا بہت نقصان ہوا ہے۔ آپ یہاں سوالات میں بھی دیکھ رہے ہیں کہ کل 41 یوٹیلٹی سٹورز ہیں۔ اب آپ حساب لگائیں کہ ہمیں کتنا محروم رکھا گیا ہے اور ہر پہلو سے مسلسل کتنی زیادتی ہو رہی ہے۔ جناب والا! میں اس حوالے

سے بھی عرض کروں گا کہ ہمیں 60 سال میں جو بھی نقصان ہوا ہے اس کا مداوا کیا جائے، ایسے نہیں کہ ایک سیکریٹری ہے، ایک ٹیچر ہے یا ایک ڈائریکٹر ہے، نہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ مہربانی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ ۔ اسمٰعیل بلیدی آپ کا بھی یہی point ہو گا، آپ دہرائیں گے، جواب لینے دیں۔ چلیں اسمٰعیل بلیدی صاحب آپ کو ایک منٹ دے دیتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! رضا ربانی صاحب اس پیکج کے P.M. House میں روح رواں تھے، انہوں نے اس کو پیش کیا۔ حاصل بزنجو صاحب نے جو بات کی میں اس کی تائید کرتے ہوئے یہ بھی کہنے پر مجبور ہوں کہ جو بھی departments ہیں، مثلاً PSO, PPL اور جو بھی کارپوریشنیں ہیں انہیں آغاز حقوق بلوچستان کے حوالے سے یہاں سے ہدایات جاری ہو چکی ہیں لیکن وہاں ابھی تک کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ اس پیکج کو تیسرا سال ہونے کو ہے، ہم پوری دنیا میں بدنام ہیں کہ بلوچستان کو ایک پیکج دیا گیا ہے لیکن اس پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کے لیے کوئی کمیٹی ہے جو اس implementation کو watch کرے کہ واقعی اس پر عمل درآمد ہو رہا ہے کہ نہیں۔ ہمارے ساتھ مذاق ہوا ہے، ہمیں کاغذوں کا ایک پلندہ دیا گیا، ابھی تک بلوچستان والوں کو کوئی چیز نہیں ملی ہے۔ رضا ربانی صاحب اس پر باقاعدہ کوئی میٹنگ بلائیں، ہمارے بلوچستان کے سارے Senators کو بلائیں اور ہمیں مطمئن کریں ورنہ ہم اس پیکج کو واپس کرنے کے لیے تیار ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ جی رضا ربانی صاحب! please take the floor.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں دو تین باتیں clarify کرتا چلوں۔ یہ بات درست ہے کہ آغاز حقوق بلوچستان کا جو پیکج بنا، اس کی responsibility President and Prime Minister کی طرف سے مجھ پر ڈالی گئی تھی، میں نے اس کو draft کیا تھا اور پھر اس کو subsequently Cabinet کی approval کے بعد پارلیمنٹ میں present کیا گیا۔ اس کو oversee کرنے کے لیے جو Implementation Committee بنی تھی اس کا بھی چیئرمین میں ہی تھا۔ میں ابتداء میں رہا لیکن پھر کچھ اصولی وجوہات کی بنا پر میں نے استعفیٰ دے دیا اور اب غالباً Minister of Interior اس کی implementation کو دیکھ رہے ہیں۔

میری چونکہ اس کے ساتھ affiliations رہی ہیں تو میں دو تین باتیں clarify کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی تو بات یہ ہے کہ میرے دوست اور میرے بھائی بزنجو صاحب نے کہا کہ حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ تمام چیزیں بلوچستان کو دیں اور اس کے باوجود یہ لوگ شور مچاتے ہیں۔ میں یہ بات بالکل واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت کا یا پاکستان پیپلز پارٹی کا کبھی موقف نہیں رہا۔ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ اور صوبہ بلوچستان کے ساتھ ایک مسلسل تاریخی زیادتی ہوتی چلی آئی ہے اور اس تاریخی زیادتی کا ازالہ کرنا وفاق کا کام ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

جناب قائم مقام چیئرمین: میرا خیال ہے اذان بھی گواہی دے رہی ہے۔ جی رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! میں عرض کر رہا تھا کہ ہمارا یہ موقف رہا ہے اور ابھی بھی یہی ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ایک تاریخی زیادتی ہوتی چلی آئی ہے اور ان کے حقوق، چاہے وہ سیاسی ہوں، معاشی ہوں، ان کو وفاق کی طرف سے سلب کیا گیا ہے۔ اب یہ وفاق کی ذمہ داری ہے کہ وفاق ان غلطیوں کا ازالہ کرے۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے نہ صرف آغاز حقوق بلوچستان کے پیکج کا اعلان کیا گیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ جو صدیوں سے بلوچستان پر سٹیٹ بنک کے قرضے تھے ان کو اس فیڈرل گورنمنٹ نے اپنے اوپر لے کر بلوچستان کو ان قرضوں کی طرف سے ایک clean chit دلوائی۔

تیسری بات یہ کہ اٹھارہویں ترمیم itself تمام چھوٹے صوبوں اور وفاق کی اکائیوں کے لیے حقوق کی گارنٹی دیتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں مجھے کسی قسم کی کوئی عار نہیں ہے کہ میں یہ بات یہاں پر admit کروں کہ آرٹیکل 172 کے تحت جو resources پہلے وفاقی حکومت کے تھے، اب ان کا 50%وفاقی حکومت کے ساتھ ہے، 50% کی ownership صوبوں کے پاس ہے۔ اس آرٹیکل 172 کی amendment کے روح رواں ڈاکٹر مالک تھے، ان کی جدوجہد اور اس کے ساتھ ساتھ بگٹی صاحب کی جدوجہد رنگ لائی اور finally پارلیمنٹ نے آرٹیکل 172 کی amendment کو منظور کیا۔

لہذا جہاں تک نوکریوں کا تعلق ہے تو میں واضح کر دوں کہ جو پانچ ہزار نوکریاں جن کا ذکر honourable Senator from Balochistan نے کیا، وہ پانچ ہزار نوکریاں صوبائی حکومت کی اور صوبائی سطح کی نوکریاں تھیں اور ان میں یہ کوشش کی گئی تھی کہ ان ہی Districts سے جہاں پر وہ

vacancies ہیں ان لوگوں کو لیا جائے اور ان کو accommodate کیا جائے۔ یہ بات ان کی درست ہے کہ پہلے دوسال کی Federal Government responsibility نے اٹھائی تھی اور پھر ان کی provincial Government responsibility نے لینی تھی۔ اب اگر ان کو تنخواہیں نہیں مل رہیں تو یہ بات انہوں نے آج point out کی ہے، میں اس کا پتا کرلیتا ہوں کہ ان کو تنخواہیں کیوں نہیں مل رہیں لیکن یہ بات بالکل clear ہے کہ پہلے دوسال کی ذمہ داری وفاقی حکومت کی تھی اور اس کے بعد ان کو provincial service کے اندر ضم ہونا تھا اور وہی مراعات اور وہی چیزیں ان کو ملنی تھیں جو provincial services میں ملتی ہیں ۔ یہ contract employment نہیں تھی اور نہ ہی یہ daily wages appointments تھیں کہ ان کو regularize نہیں کیا گیا۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پانچ ہزار نوکریاں تو وہاں کی تھیں، اس کے علاوہ آغاز حقوق بلوچستان کے اندر یہ provision تھی کہ جو Autonomous or semi autonomous bodies اور وفاقی حکومت میں جو بلوچستان کا کوٹا رہ گیا ہے اس کوٹے کو الگ سے fill ہونا ہے۔ میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ جب میں وہاں پر تھا تو ہم نے یہ work out کرلیا تھا کہ بلوچستان کا کتنا کوٹا autonomous and semi-autonomous bodies کے اندر اور وفاقی حکومت میں باقی ہے، اس کے بعد اس کی implementation شاید ابھی تک نہیں ہوئی۔ میں اس کا پتا کرکے ان کو بتا سکتا ہوں but I will take no guarantees on that. I will find out what the facts are and I will place those facts before them لیکن یہ افسوس کی بات ہے کہ اس کو اگر مکمل طور پر implement نہیں کیا جارہا تو یہ ہماری وفاقی حکومت کی commitment ہے اور وفاقی حکومت اس commitment کو پورا کرے گی۔ ان کو میں اتنی assurance ضرور دے سکتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: حاصل بزنجو صاحب۔اسی اثنا میں خورشید شاہ صاحب بھی آگئے ہیں، وہ نیر بخاری صاحب کو back up کریں گے۔ عنوری صاحب پارلیمنٹ کے supporter بن کر ایک طرف بیٹھے ہوئے ہیں۔ خورشید شاہ صاحب آئے ہیں تو ایک کرن آئی ہے۔ ہماری کرن سائیں خورشید شاہ ہیں اب حالت یہ ہے۔ جی حاصل بزنجو صاحب۔

(اس موقع پر جناب افراسیاب خان خٹک نے کرسی صدارت سنبھالی)

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: شکریہ جناب چیئرمین۔ شاہ صاحب! آپ مجھے تھوڑی دیر بات کرنے دیں، آپ ابھی آئے ہیں ذرا میری بات کو سن لیں۔ کبھی تو کسی کو سن لیا کریں۔ جناب چیئرمین! I am thankful to Raza Rabbani *Sahib* انہوں نے جو بات کہی وہ سو فیصد درست ہے کہ وفاقی حکومت کی جو services تھیں ان میں سے ایک بھی نہیں دی گئی اور اب صورت حال یہ ہے کہ آغاز حقوق بلوچستان کا جو Head ہے وہ ابھی رضا بھائی سے پتا چلا کہ وہ کون ہے وہ راما ملک ہے۔ کم از کم بلوچستان میں کسی کو اس وقت یہ معلوم نہیں ہے کہ آغاز حقوق بلوچستان کا اس وقت انچارج کون ہے۔ آج بھی لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ رضا ربانی ہی ہیں۔ میں آپ سے گزارش کروں کہ اگر واقعی یہ آغاز حقوق بلوچستان کو implement کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے رضا بھائی کو یا کسی اور ایسے آدمی کو لگائیں جس کو دنیا بھر کے کام نہ ہوں، کچھ تھوڑے کام ہوں تاکہ وہ اس کام کو کر سکے۔ میں یہاں آپ سے ایک گزارش کروں گا۔ رضا بھائی کو میں نے پرسوں ایئر پورٹ پر کہا، رضا بھائی کبھی موقع ملا اور آپ ہمارے صدارتی امیدوار ہو گئے تو قومی اسمبلی اور سینیٹ کا میں کچھ نہیں کہتا صوبائی اسمبلیوں میں آپ کامیاب ہو جائیں گے۔ اگر کبھی صدارت کا موقع آپ کو ملا۔ میں سمجھتا ہوں ابھی آپ Chair پر آئے ہیں، جمالی صاحب اٹھ کر چلے گئے ہیں ہم نے اپنی تقریر کے شروع میں یہ کہا تھا کہ اس معاملے پر Chair اپنی ruling دے کہ وہ اس میں کیا فیصلہ کرے گی۔ اگر Chair, ruling نہیں دیتی تو ہم بلوچستان کے جتنے سینیٹرز ہیں، میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ باہر نکل جائیں۔ I need your ruling.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پروفیسر صاحب! ان کی بات مکمل ہونے دیں پھر اس کے بعد آپ۔ جی رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: میں پتا کر لوں کہ ان کو تنخواہ کیوں نہیں مل رہی ہے۔ میں اس کی detail لے کر ہاؤس کے سامنے رکھ دوں اگر اس کے بعد بھی میرے بھائی satisfy نہ ہوئے تو پھر وہ واک آؤٹ کر لیں۔ آج میں ان سے request کروں گا کہ وہ ایسا نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی پروفیسر ساجد میر صاحب۔ اس کے بعد رحمت اللہ کاکڑ صاحب۔ سیمیں صدیقی صاحبہ اس کے بعد آپ کا نمبر ہے۔ جی۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: رضا ربانی صاحب نے جو حقوق بلوچستان کے حوالے سے بات کی اس پر میرا چھوٹا سا تبصرہ ہے کہ 'ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اس کا آسماں کیوں ہو' شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی کاکڑ صاحب۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: شکریہ جناب چیئرمین! ہمیں ایک تشویش ہے اور گمشدہ کی تلاش ہے کیونکہ ہمارے ہائی ویز کے وزیر صاحب کہاں ہیں ہمیں پتا نہیں۔ اتنا سنا تھا کہ ارباب صاحب ہیں لیکن شاید ارباب صاحب کی شرافت کی وجہ سے ہمیں کوئی حصہ نہیں مل رہا۔ چیئرمین این ایچ اے جو اس وقت (نعوذ باللہ) خدا بن کے بیٹھا ہوا ہے، وہ کسی کو بھی خاطر میں نہیں لاتا۔ جہاں اس کو آنکھ دکھائی جاتی ہے وہاں ان کا کام کرتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔ کوئٹہ چمن ہائی وے جو افغانستان اور سنٹرل ایشیا کے لیے واحد link ہے جس پر پاکستان کی تمام exports کی جاتی ہیں اور علاقے کے لوگوں کی domestic and foreign trade ہے، گزشتہ سات آٹھ سالوں سے ان سے یہ ہائی وے نہیں بن رہی۔ یہ الگ بات ہے کہ لوگ کرب سے گزر رہے ہیں، اتنے افسوس کی بات ہے کہ ڈیلیوریز تک ان کچی سڑکوں پر ہو رہی ہیں۔ نیٹو سپلائی کا یہ واحد راستہ تھا۔ آج خود NHA claim کر رہا ہے کہ ہمیں ان کو 14 billion rupees pay کرنے ہوں گے۔ یہ سڑکیں انہوں نے تباہ کر دی ہیں لیکن NHA اس کو خاطر میں نہیں لا رہا ہے۔

ہمارا دوسرا مسئلہ ژوب مغل کوٹ تک کا وہ واحد راستہ ہے جس سے ہم خیبر پختونخوا سے مل رہے ہیں۔ اگر آپ اس دور میں اس سڑک پر سفر کریں تو توبہ کریں گے کیونکہ جانور بھی اس راستے پر سفر کرنا پسند نہ کریں۔ یہ قطعی محفوظ راستہ نہیں ہے so much so کہ وہاں کے Assistant Commissioner صاحب رات کو ڈکیتوں کو ساتھ لے کر راستے میں گاڑیوں اور لوگوں کو لوٹتے ہیں۔ پچھلے دنوں FC والوں کو روکا، پہلے ان کو لوٹا اور بعد میں قتل کر دیا۔ یہ اس روڈ کی حالت ہے۔ دوسرا راستہ ہے ژوب میر علی خیل جو پھر خیبر پختونخوا سے link کرتا ہے۔ اگر آپ مہربانی کر کے House in order کر لیں تو مہربانی ہو گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کاکڑ صاحب آپ اپنی بات مکمل کریں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ: جب ہماری باری آتی ہے تو پھر لوگوں کی مجالس شروع ہو جاتی ہیں۔ژوب میر علی خیل اور آگے خیبر پختونخوا کا جو روٹ ہے یہ shortest route and safest route ہے economically viable ہے۔ پورے پاکستان کی ٹرانسپورٹ کے لیے یا inter-provincial harmony کے لیے اس کی importance ہے۔اس روٹ پر کسی کی نظر نہیں ہے۔ کوئٹہ کراچی روڈ مستونگ کے بعد خضدار تک جو ہے اس پر کام ہو رہا ہے اور پچھلے آٹھ دس سال سے کام ہو رہا ہے اور اس کا فائدہ ڈاکو راج کو ہے۔ مختلف علاقوں میں Levies نے barriers لگائے ہوئے ہیں۔ کچے میں جب کوئی پہنچتا ہے تو اس سے پوچھتے ہیں کہ کہاں سے آرہے ہو۔ وہ کہتا ہے کہ کراچی سے آرہے ہیں۔ آگے Levies والا ان کو message دیتا ہے کہ شکار آگیا ہے۔ وہاں سے لوگوں کو اغوا کیا جاتا ہے۔ لوگ لیویز کی سرپرستی میں اغوا ہوتے ہیں۔ اغوا برائے تاوان ہوتا ہے۔ یہ واقعات national highways پر ہوتے ہیں۔ وفاقی حکومت کو کیا ہو گیا ہے؟ کم از کم اس کی ذمہ داری تو وہ لے لیں۔ وہاں Rangers بیٹھے ہیں، انہوں نے شریف لوگوں کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ آپ لوگوں کو protection تو دیں۔ این ایچ اے اپنی ذمہ داری نبھائے اور بیس تیس یا پچاس کلومیٹر کی سڑک بنائے۔

میرا تیسرا پوائنٹ لورالائی رکھنی روڈ سے متعلق ہے۔ جنرل مشرف اپنے دور کا ایک نام ہوا کرتا تھا، اس نے یہ روڈ شروع کروائی۔ سات آٹھ سال اُس کے گزرے، تین چار سال اس حکومت کے گزرے لیکن یہ کام اب تک complete نہیں ہوا۔ لوگ تباہ ہوگئے ہیں، ٹرانسپورٹ تباہ ہو گئی ہے، agriculture تباہ ہو گیا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔

میری آخری گزارش یہ ہے کہ کوئٹہ، نوشکی، دالبندین روڈ واحد سڑک ہے جس سے ہم ایران، یورپ، ترکی یا Middle East سے link ہوتے ہیں۔ اس سڑک کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ این ایچ اے کس بلا کا نام ہے اور یہ کس کے ماتحت کام کر رہی ہے؟ آپ اگر مناسب سمجھیں تو kindly ایک ruling دیں۔ کم از کم ان صوبوں سے related جو Senators ہیں جن کو پتا ہے کہ یہ یہ roads exist کرتی ہیں، ان کے ساتھ ایک meeting کروائیں تاکہ معلوم ہو کہ کیا مشکلات ہیں؟ اگر ہم ان کی کچھ help کر سکتے ہیں تو اس کے لیے تیار ہیں۔ اگر financially کوئی رکاوٹ ہے تو ہم وفاقی حکومت

سے request کریں گے کہ اس کا بندوبست کیا جائے۔ انہی گزارشات کے ساتھ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ شکریہ۔

Future of Contract and Daily Wages Employees of PCSIR

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سیمیں صدیقی صاحبہ۔

سینیٹر سیمیں صدیقی: شکریہ جناب چیئرمین۔ میرا ایک point of order ہے۔ PCSIR ایک ادارہ ہے جو وزارتِ سائنس اور ٹیکنالوجی کے ماتحت کام کرتا ہے۔ اس ادارے میں 93 ملازمین contract and daily wages پر کام کر رہے ہیں جن کو harass کیا جا رہا ہے۔ ان کو نوکری سے فارغ کرنے کے notices دیے جا رہے ہیں۔ یہ 93 ملازمین گیارہ سال سے وہاں ملازمت کر رہے ہیں، technical know-how رکھتے ہیں اور اس ادارے کے لیے بہت اہم ہیں۔ PCSIR میں research ہوتی ہے۔ میری پانچ چھ دن پہلے Minister سے اس سلسلے میں بات ہوئی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم اس کو review کر رہے ہیں۔ مجھے آج اطلاع ملی ہے کہ daily wages کے ملازمین کو کہا گیا ہے کہ وہ roll پر sign نہ کریں۔ جناب! یہ ایک austerity drive چل رہی ہے۔ ایک ادارہ جو research کا کام کرتا ہے اور اس نے بڑی بڑی research کی ہیں، وہاں پی ایچ ڈیز موجود ہیں، ان کے ساتھ یہ زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔

دوسری بات جو میں کہنا چاہوں گی کہ دو ادارے اور بھی وزارتِ سائنس اور ٹیکنالوجی کے زیرِ انتظام آتے ہیں، ایک NUST ہے اور دوسرا COMSATS ہے۔ ہماری Standing Committee on Science and Technology کی ایک میٹنگ میں سیکرٹری نے یہ کہا تھا کہ زیادہ تر فنڈز NUST اور COMSATS کی طرف divert کیے جا رہے ہیں۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا یہ ادارے اسلام آباد میں موجود ہیں، اس لیے ان کے لیے اتنی مراعات دی جا رہی ہیں جبکہ PCSIR بھی بہت پرانا ادارہ ہے اور research institute ہے تو اس کے فنڈز میں کٹوتی کیوں کی جا رہی ہے؟

جناب والا! ایک طرف تو حکومت یہ کہتی ہے کہ وہ بے روزگاری کا خاتمہ چاہتی ہے اور چار چار ہزار ملازمین دوبارہ پی آئی اے اور اسٹیل ملز میں پندرہ سال کی مراعات کے ساتھ reinstate کیے جاتے ہیں اور دوسری طرف ایک ادارہ جو research کا ادارہ ہے، جو ہماری ملکی ترقی کے لیے بہت اہم ہے،

اس کے غریب 93 ملازمین کو جو گیارہ سال سے وہاں ملازمت کر رہے ہیں، ان کو نوکری سے فارغ کرنے کے notices دیے جا رہے ہیں۔ آپ کے توسط سے میں اس floor of the House سے حکومت سے التجا کرتی ہوں۔ خورشید شاہ صاحب بھی یہاں بیٹھے ہیں، ان سے بڑی امیدیں ہیں کہ وہ اس معاملے کو یہاں پر رکوا دیں گے تاکہ اب کسی کو notice issue نہ ہو اور لوگوں کو اس مہنگائی کے دور میں بے روزگار نہ کیا جائے۔ حکومت اس طرف توجہ دے۔ کچھ خاص اداروں پر حکومت کی مہربانی کیوں ہے، کہ بڑے بڑے ادارے جو loss میں جا رہے ہیں ان کو تو آپ مراعات دیتے ہیں، وہاں لوگوں کو reinstate کرتے ہیں اور جو چھوٹا ادارہ ہے، جس کو آپ زیادہ funds بھی نہیں دیتے، اس میں آپ چھانٹی کر رہے ہیں اور لوگوں کو بے روزگار کر رہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں یہ عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے۔ اس پر action ہونا چاہیے۔ PCSIR کو بھی زیادہ funds ملنے چاہییں اور اس کے funds میں کٹوتی نہیں ہونی چاہیے۔

جناب والا! آخری بات جو میں کہنا چاہوں گی وہ یہ ہے کہ کل ہمیں چیف وہپ صاحب نے بتایا تھا کہ آج یہاں پر ائم منسٹر صاحب آئیں گے۔ شاید وہ کورم پورا رکھنے کے لیے سب کو ایک جھانسا دے دیتے ہیں لیکن آج پر ائم منسٹر صاحب نہیں آئے۔ اب ان کا کہنا ہے کہ پر ائم منسٹر صاحب کل آئیں گے لیکن میرے علم میں یہ بات ہے کہ کل پر ائم منسٹر صاحب پشاور جا رہے ہیں۔ ایک تو یہ بتادیں کہ وہ آئیں گے بھی یا نہیں تاکہ ہم لوگ بھی اپنے دل کی کچھ بھڑاس نکال سکیں اور تھوڑی سی اہمیت اس سینیٹ کو بھی مل جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قائدِ ایوان سے درخواست ہے کہ فاضل رکن صاحبہ کے خیالات اور تجاویز متعلقہ حکام تک پہنچائیں۔ شاہ صاحب! آپ ان کی بات کو respond کرنا چاہتے ہیں؟ جی خورشید شاہ صاحب۔

سید خورشید احمد شاہ (وفاقی وزیر برائے مذہبی امور): چیئرمین صاحب! شکریہ۔ پہلے تو میں معذرت خواہ ہوں کہ House شروع ہوچکا تھا، میں چونکہ کراچی سے آیا اس وجہ سے کچھ late ہو گیا۔ Leader of the Opposition بھی اسی جہاز میں تھے، وہ تشریف نہیں لائے اور میں آگیا ہوں تو یہ فرق ہے۔

ابھی معزز سینیٹر نے کہا کہ کچھ ایسے ادارے ہیں جہاں سے ہم لوگوں کو نکال رہے ہیں۔ میں اس معزز ایوان میں یہ بات بہت clearly کہہ رہا ہوں کہ ہم نے لوگوں کو نکالنا تو کجا، جن کو نکالا گیا تھا ہم نے ان کو reinstate کیا ہے۔ اس کے ساتھ اس ملک میں ہزاروں کی تعداد میں، پندرہ سال، بیس سال، بارہ سال، دس سال، دو سال کے لوگ contract, daily wages and contingency پر تھے، جو بے چارے کہیں کے بھی نہیں تھے۔ یہ بھی میں بڑا clearly کہنا چاہتا ہوں کہ کسی کی political affiliation کا کوئی پتا نہیں کہ دس پندرہ سال پہلے کس نے اس کو appoint کیا، کہاں سے appoint ہوا، کیسے ہوا، ہمیں اس کا علم نہیں تھا۔ حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ ان کے cases کو دیکھا جائے، پھر ایک کمیٹی بنی جس کا مجھے چیئرمین بنایا گیا۔ ہم نے ابھی تک ہزاروں کی تعداد میں ان لوگوں کو regularize کیا ہے۔ پرسوں Thursday کو اس سلسلے میں پھر ایک meeting ہے، اگر کوئی ایسا ادارہ ہے جن میں وہ بچے رہ گئے ہیں یا نہیں ہو رہے یا کوئی ایسی hitch ہے تو معزز سینیٹر اگر مجھے ان کی list دے دیں تو میں ان کا شکر گزار ہوں گا۔

سینیٹر سیمیں صدیقی: میں شاہ صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ میں محترم وزیر صاحب کو وہ list دے دوں گی۔ میں جس ادارے کی بات کر رہی ہوں وہ PCSIR ہے، یہ ان کے ذہن میں رہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عباس خان صاحب۔

سینیٹر عباس خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ بہت time کے بعد مجھے بھی بات کرنے کا موقع مل گیا۔ ایک تو ہمارے علاقے میں وطن کارڈ کی payment کی دو قسطیں رہ گئی ہیں۔ اس سلسلے میں لوگوں کو بہت تکلیف ہے۔ میری حکومت سے request ہے کہ وہ payment release کی جائے۔

دوسری بات جو میں کہنا چاہوں گا وہ یہ ہے کہ ہمارے علاقے کوہاٹ میں گیس کی پائپ لائنیں بچھا دی گئی ہیں۔ لوگ اس سے گیس چوری کر رہے ہیں اور حکومت کو کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ لوگ بجلی استعمال کر رہے ہیں، جنریٹرز چلا رہے ہیں، گیس کو direct کیا ہوا ہے جبکہ حکومت ان کو میٹرز نہیں دے رہی۔ سارا علاقہ چوری کے کام پر لگا ہوا ہے اور حکومت کو میٹرز کی وجہ سے نقصان ہو رہا ہے کہ وہاں میٹرز نہیں دیے جا رہے ہیں۔ میری یہ request ہے کہ کوہاٹ کو تین چار ہزار میٹرز دیں تاکہ حکومت کا کروڑوں روپے کا نقصان نہ ہو۔

تیسری بات یہ ہے کہ کل پشاور میں ایک gold medalist لڑکے نے خود کشی کی۔ تمام والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ ہمارے گھر میں لائق لڑکا پیدا ہو جو گولڈ میڈل لے، اس کی تعلیم اچھی ہو اور وہ اونچے مقام پر پہنچے۔ بد قسمتی اُس گھر کی ہے کہ اس مقام پر پہنچنے کے بعد اس لڑکے کو روزگار نہیں ملتا، اس کے ساتھ ناانصافی ہوتی ہے اور وہ خود کشی کر لیتا ہے۔ ہم آج اس ایوان میں ہر چیز کو discuss کر رہے ہیں اور ساتھ ہی گپ شپ بھی لگا رہے ہیں۔ ہماری سنجیدگی کا یہ عالم ہو گیا ہے کہ ہم آپس میں سیاست کو تو discuss کر رہے ہیں لیکن ایک گولڈ میڈلسٹ نوجوان اگر امریکہ کے ویزے کے لیے جاتا ہے تو وہ دیکھتے ہیں کہ یہ لڑکا گولڈ میڈلسٹ ہے تو اسے nationality دی جاتی ہے اور اسے امریکہ لے جاتے ہیں۔ ہم بد قسمت لوگ ہیں کہ وہ لڑکا اپنے آپ کو اڑاتا ہے، ہم اسے پاکستان میں روزگار نہیں دیتے ہیں۔ میری اس ایوان سے التماس ہے کہ ہمیں ہوش کے ناخن لینے چاہییں۔ ہماری قوم کے بچوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ ہم کس راستے پر جا رہے ہیں؟ جس طرح میں نے گیس کی بات کی ہے کہ لوگ گیس لوٹ رہے ہیں اور ہم ان کو میٹر نہیں لگا کر دے رہے ہیں کہ وہ میٹر لے کر پیسے جمع کروائیں۔ شکریہ۔

سید خورشید احمد شاہ: یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ ایک گولڈ میڈلسٹ بچے نے خود کشی کی ہے، یہ بہت ہی دکھ والی بات ہے۔ اگر وہ ہم سے یا سینیٹر صاحب جنہوں نے بات کی ہے ان سے رابطہ کر لیتا تو naturally ایسے بچوں کے لیے جو ہمارے assets ہوتے ہیں، ایسے بچوں کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ ان بچوں کے لیے ہمارے پاس Federal Public Service Commission بھی ہے Provincial Public Service Commissions بھی ہیں، ان کے علاوہ اور اچھے اچھے ادارے بھی ہیں جہاں پر ان گولڈ میڈلسٹ بچوں کا کوٹا ہوتا ہے۔ اگر وہ Engineering کے شعبے میں ہیں، اگر وہ سائنس کے شعبے میں master degree holders ہیں یا انہوں نے Economics میں ڈگری لی ہوئی ہے تو ان کے لیے ہر جگہ special quota ہوتا ہے اور ان کو نوکریاں ملتی ہیں۔ Unfortunately اب وہ واپس تو نہیں آسکتا، ہم تو ان کے دکھ میں شریک ہی ہو سکتے ہیں۔ اگر یہ بات پہلے معزز ممبر کو معلوم ہو جاتی اور رابطہ ہو جاتا تو possible تھا کہ وہ جان ضائع نہیں ہوتی۔

دوسری بات انہوں نے کہی ہے کہ کوہاٹ میں گیس کے میٹر نہیں مل رہے ہیں۔ انہوں نے صحیح point out کیا ہے، میں آج ہی Managing Director SNGPL کو کہتا ہوں کہ وہ immediately وہاں میٹر مہیا کرے اور پاکستان کو جو نقصان ہو رہا ہے، اس کو بچایا جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کرنل طاہر مشہدی صاحب۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: شکریہ جناب چیئرمین! کل میں نے specifically اسلام آباد کی بات کی تھی اور آج میں پورے پاکستان کی بات کرنا چاہتا ہوں۔ Matter of grave national importance یہ ہے کہ گیس کی لوڈشیڈنگ تین حصوں میں، domestic, commercial and CNG نے اس وقت پورے پاکستان کے عوام کو بہت تکلیف میں ڈال دیا ہے، یہ صرف ہماری management کی وجہ سے ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے the biggest gas fields of the world, Sindh and Balochistan میں ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے even domestic gas صارفین کو صبح اور شام کے وقت deprive کیا جا رہا ہے۔ جب ہمارے house holds کو ضرورت ہوتی ہے تو انہیں گیس نہیں ملتی، ہماری industries بند ہو رہی ہیں کیونکہ جب انہیں ضرورت ہوتی ہے تو انہیں گیس نہیں ملتی ہے۔ ہمارے بجلی گھروں کو بھی گیس کی ضرورت ہوتی ہے، انہیں بھی نہیں مل رہی ہے۔ اگر اس پر کوئی action نہ ہوا تو ہماری فیکٹریاں بند ہو جائیں گی۔ بجلی کے لیے ہم تین سال روتے رہے، on the floor of the House ہم روزانہ چیخیں مارتے رہے اور ایک دن political will آئی جب وزیراعظم نے اپنی کابینہ میں یہ فیصلہ کیا کہ آج سے بجلی ملے گی اور پھر لوگوں کو بجلی ملی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر better management ہو، اس پر supervision ہو، اس کی monitoring ہو، اس کو صحیح طرح سے plan کیا جائے تو سب کچھ مل سکتا ہے۔ گیس پاکستان میں in abundance ہے، پاکستان کا ایک natural resource ہے، ایک great wealth ہے۔ CNG کی وجہ سے بھی middle class and lower middle class کے لوگ effect ہوتے ہیں اور ہمارے ایک ایک چولہے والے گھر بہت ہی effect ہوتے ہیں، وہ kerosene oil بھی afford نہیں کر سکتے اور لکڑی بھی آج کل بہت مہنگی ہے۔ آج اللہ کے فضل و کرم سے دو وزراء اور Leader of the House بھی موجود ہیں اور یہ ہمارے لیے some sort of record ہے کہ ایک وقت میں اتنے وزراء آ گئے ہیں تو میں ان کی توجہ

اس طرف دلاؤں گا کہ وہ اس کا notice لیں۔ پورے پاکستان کے دُکھی، پسے ہوئے، مجبور اور لاچار عوام کے لیے کچھ کیا جائے اور گیس کی لوڈشیڈنگ پر توجہ دی جائے۔ پاکستان کے عوام کو گیس جو کہ ان کے اپنے ملک کی دولت ہے وہ دی جائے۔ آپ دیکھیں کہ خاص کر کوئٹہ اور سبی کے آس پاس کے علاقوں میں گیس بالکل ہی نہیں دی جارہی، یہ بھی ایک ظلم ہے اور اس پر فوری توجہ دی جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی محمد علی درانی صاحب۔

سینیٹر محمد علی درانی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ایک ایسے issue کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں جو کہ زیادتی کا معاملہ ہے۔ میری مراد احمد پور شرقیہ سے ہے۔ آج سے تین سال پہلے وزیراعظم صاحب نے وہاں کی تین سڑکوں کی تعمیر کے لیے چھبیس کروڑ کی grant approve کی تھی۔ پچھلے تین سالوں میں اب تک صرف پانچ کروڑ روپے release ہوئے ہیں اور اس کے نتیجے میں ایک سڑک ٹوٹی پڑی ہے اور باقی تینوں سڑکیں ایسے ہیں جیسے ان پر بمباری ہوئی ہو۔ پانچ کروڑ روپے جو دیے گئے، ملتان کے ایک ٹھیکیدار کے ذریعے ان کا کام شروع ہوا اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ سڑک آج صرف پتھروں کے ساتھ incomplete پڑی ہوئی ہے، سڑک کے درمیان میں کھمبے ہیں، اب تک ان کی وجہ سے تین اموات ہو چکی ہیں اور بیسیوں لوگ زخمی ہو چکے ہیں لیکن اس پر کوئی کام نہیں ہو رہا ہے جبکہ اس کے مقابلے میں وزیراعظم کے اپنے شہر میں اب تک پچاس ارب روپے کے منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ میں آج on the floor of the House کہوں گا کہ وزیراعظم صاحب بہاولپور کے ساتھ ذاتی دشمنی کر رہے ہیں۔ وہ funds جو وہ خود allocate کرتے ہیں، ان کو بھی وہ وہاں سے روک دیتے ہیں اور اس کے نتیجے میں آج وہ پورا علاقہ سراپا احتجاج بنا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین! میں ایک اور چیز کہوں گا کہ پاکستان کا آئین تو سب نے پڑھا ہو گا۔ میرے علاقے کے ساتھ اور میرے جنوبی پنجاب کے ساتھ ایک اور دشمنی ہو رہی ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنے خاندان کی حاکمیت قائم کرنے کے لیے اس علاقے میں لسانی نفرتیں کوئی دوسرا نہیں پھیلا رہا ہے بلکہ وزیراعظم پاکستان خود پھیلا رہے ہیں۔ آج اگر پورے جنوبی پنجاب میں لسانی نفرتوں کو کوئی لے کر چل رہا ہے تو اس کا نام وزیراعظم ہے۔ آئین کے Article 3 and 33 کی clear cut خلاف ورزی کرتے ہوئے وہ میرے علاقے میں جہاں پر پنجابی بولنے والے بھی رہتے ہیں، اردو بولنے والے بھی رہتے ہیں، سرائیکی بولنے والے بھی رہتے ہیں، ریاستی بولنے والے بھی رہتے ہیں، ملتانی بولنے والے بھی رہتے

ہیں، خانیوالی بولنے والے بھی رہتے ہیں، ان سب کے اوپر، ایک طرف اپنے بچے کے وزیراعلیٰ بننے کے بینر لگوا دیتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ NHA کے سرکاری اشتہاروں میں ایک ایم پی اے کی فوٹو چھپواتے ہیں اور پورے بہاولپور کے عوام کو فتح کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ بہاولپور بھی اس میں شامل ہوگا، وہ ڈی آئی خان، بلوچستان اور سندھ کے علاقوں کو توڑ کر ایک نیا صوبہ بنانے کی بات کرتے ہیں۔ ان کو اس معاملے میں کوئی check کرنے والا نہیں ہے اور نہ کوئی روکنے والا ہے۔ جناب والا! یہ پاکستان کے آئین کی خلاف ورزی ہے۔ اگر کل کو میرے علاقے میں لسانی فسادات ہوتے ہیں تو اس کے ذمہ دار صرف وزیراعظم ہوں گے۔ اگر کل میرے علاقے میں نفرتیں پھیلتی ہیں تو ان کا ذمہ دار صرف وزیراعظم ہوں گے۔

جناب والا! میں اس ایوان کے توسط سے دو گزارشات کرنا چاہوں گا۔ آپ کو پتا ہے کہ میں لمبی بات نہیں کیا کرتا۔ پہلی بات یہ ہے کہ اس علاقے کو ذاتی دشمنی کا شکار کیا جا رہے ہے چونکہ بہاولپور کے نوے فیصد عوام اپنا تاریخی، قانونی اور آئینی حق، اپنے صوبے کی بحالی چاہتے ہیں، یہ ان کا جرم ہے اور ملتان سے اٹھنے والا ایک فرد یہ چاہتا ہے کہ قائداعظم کے کیے ہوئے جتنے بھی agreements تھے، ان کو ختم کرتے ہوئے وہ اس علاقے کو فتح کرلے اور اس کے لیے وہاں سے اٹھنے والی ہر آواز، ہر شہر جس سے یہ مطالبہ اٹھتا ہے، اس کے جواب میں مرکز approved funds بھی روک دیتا ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آئین پاکستان میں provision موجود ہے۔ جناب والا! اگر کسی کو کوئی شک ہے تو ریفرنڈم کرائیں۔ آج تک یہاں ریفرنڈم صرف اس لیے ہوئے ہیں کہ کسی غیر منتخب یا کسی فوجی کو حکومت میں رہنے کا اور اپنے اقتدار کو perpetuate کرنے کا اختیار دے دیا جائے۔ میں آج کہتا ہوں کہ میں اس ملک کے اندر نئے صوبوں کے قیام کا حامی ہوں۔ میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ سب سے پہلے بہاولپور صوبہ بحال ہوگا۔ اس کے بعد national consensus کے ساتھ اگر ملتان۔ڈی جی خان پر مشتمل صوبہ بنتا ہے تو اس کا نام بے شک سرائیکی صوبہ رکھیں لیکن آپ سرائیکی اور غیر سرائیکی میں نفرتیں پیدا کر کے آئین پاکستان کی توہین کر رہے ہیں۔ وہ کون کر رہا ہے؟ وزیراعظم کر رہے ہیں۔ جہانگیر بدر صاحب یہاں موجود ہیں جنہوں نے national conference میں کہا کہ ہم انتظامی بنیادوں پر صوبوں کے قیام کے حامی ہیں۔ انڈیا میں یوپی کو چار صوبوں میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔ نوے انتیس صوبے بنے اوراب وہ چونتیس صوبے بنانے جا رہے ہیں۔ یحییٰ خان کو یہ استحقاق حاصل ہے کہ 1970ء میں اس کے کیے ہوئے ایک فیصلے کو وزیراعظم لے کر چل رہا ہے۔ بہاولپور میں آپ جہاں چلے جائیں سب لوگ

کہتے ہیں کہ یحییٰ خان ثانی یوسف رضا گیلانی۔ اب اس قسم کا رویہ کہ یحییٰ خان کے تحفظ کے لیے آپ یہ کرتے ہیں۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپنے آپ کو point of order تک محدود رکھیں، مہربانی ہوگی۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد علی درانی: اس کا مطلب یہ ہے کہ جو بہاولپور کے لئے بولے گا وہ نہیں بول سکتا۔ ابھی بلوچستان کے دوستوں نے اس سے زیادہ بات کی ہے۔ اگر اپوزیشن کی بات نہیں سننی تو پھر Leader of the House کو چاہیے کہ ہمیں اپوزیشن سے نکال دیں۔ آج میں بات کروں گا اور یہ مجھے روکنے والے نہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ان کی بات کرنے کی بجائے اپنی بات conclude کر لیں۔

سینیٹر محمد علی درانی: میں نے اگر کسی کا نام لیا ہے، میں نے کوئی بات کی ہے تو آپ اس کا جواب دیں۔ یہ میری زبان بندی نہیں کر سکتے۔ جس سینیٹ میں یہ بیٹھے ہیں اسی میں، میں بھی بیٹھا ہوں۔ یہ غلط بات ہے کہ اگر بہاولپور سے کوئی بولے، کوئی اکلوتا بندہ بولے تو اس پر پابندی لگاؤ، میں اس پر adjournment motion بھی لے آؤں گا اور تحریک استحقاق بھی لاؤں گا۔ یہ کوئی بات نہیں۔ آپ مجھے چپ نہیں کرا سکتے۔ آپ Leader of the House سے کہیں کہ اپنی عزت کے لیے تشریف رکھیں۔ مجھے روکنے کی کوشش نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ conclude کریں جی۔

سینیٹر محمد علی درانی: جب آپ مجھے کہیں گے تو میں اسی وقت بیٹھ جاؤں گا لیکن ان کا استحقاق نہیں ہے کہ یہ مجھے چپ کرائیں۔ آپ ابھی بٹھائیں، میں ایک منٹ میں بیٹھ جاؤں گا۔ یہ بات غلط ہے۔ میری یہ گزارش ہے، اس کے بعد میں جو بات کرنا چاہوں گا وہ یہ ہے۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد علی درانی: یہ مجھے روکنے کی کوشش نہ کریں۔ میں جو بات کر رہا ہوں sir اس کو میں conclude کروں گا۔ آپ کے کہنے پر، جب آپ کہیں گے میں ختم کردوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ conclude کر لیں۔

سینیٹر محمد علی درانی: اس کے بارے میں جہاں تک دوروں کا سوال ہے وہ بات بالکل ٹھیک ہے۔ اس پر ہم الگ سے discussion کر سکتے ہیں اور انتہائی قابل احترام ممبر یہ بات کر رہے ہیں، میں ان کا احترام کرتا ہوں اس لئے میں اس پر کوئی بات نہیں کروں گا۔ میری اس وقت درخواست یہ ہے کہ بحالی صوبہ بہاولپور اس وقت قوم کی ایک ضرورت ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب آپ conclude کریں درانی صاحب۔

سینیٹر محمد علی درانی: دوسری میری درخواست یہ ہے کہ آئین پاکستان کی بالادستی قائم کرتے ہوئے یہاں پر لسانی نفرتوں کو ہوا نہ دی جائے اور میرے خطے کے اندر لوگوں کو تقسیم کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ یہ پاکستان کے مفاد میں نہیں ہے۔ یہ خود پیپلز پارٹی کے مفاد میں نہیں ہے جو ایک قومی پارٹی ہے۔

Mr. Presiding Officer: You have made this point already.

سینیٹر محمد علی درانی: میں آخری بات کر کے اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ میں حکومت سے یہ درخواست کرنا چاہوں گا کہ وہ فنڈز جو بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے reference سے مرکز کی طرف سے allocate کیے گئے تھے وہ فنڈز فوری طور پر release کیے جائیں۔ وہاں پر لوگوں کی زندگی اور موت کا سوال ہے۔ ان کو اس جرم کی سزا نہ دی جائے کہ وہ لسانی نفرتوں کا حصہ نہیں بننا چاہتے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: گلشن سعید صاحبہ، ایک گزارش ہے کہ point of order کو point of order ہی رکھیں۔ جو موضوع ہے اس پر بات کریں۔ نماز کا وقت بھی ہو گیا ہے۔ پروفیسر صاحب کی ایک بات سن لیتے ہیں پھر ختم کرتے ہیں۔ کل بھی اجلاس ہے انشاء اللہ۔ کل بھی ملیں گے۔ جو صاحبان رہ گئے ہیں وہ کل وقت لے لیں گے۔ جی پروفیسر خورشید صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین، میں صرف ایک منٹ لوں گا۔ جناب! میں missing persons کے issue پر آپ کی اور حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اس ایوان میں ہم نے بار بار یہ مسئلہ اٹھایا اور روز بروز یہ مسئلہ grave سے grave تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ بلوچستان میں جو تھوڑا بہت اچھا کام آپ نے کیا ہے وہ سب مٹی میں مل گیا ہے اس وجہ سے کہ وہاں برابر missing persons کا مسئلہ ہر گھر کو متاثر کر رہا ہے اور بد قسمتی سے اب missing persons کی لاشیں آ رہی ہیں۔ اسی طریقے سے صوبہ پختونخوا کے اندر، ہمیں اس بات کا علم ہے کہ دو ہزار چھ سو سے زیادہ افراد فوج کی تحویل میں ہیں۔ وہ نہ ان پر مقدمہ چلاتے ہیں، نہ انہیں چھوڑتے ہیں اور نہ ان کی families کو مطلع کرتے ہیں۔ یہ انسانی مسئلہ بھی ہے، یہ اسلامی مسئلہ بھی ہے اور یہ سیاسی مسئلہ بھی ہے۔ اس لیے میں آپ کے توسط سے ایک بار پھر حکومت سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ سیاسی مصلحتوں سے بالا ہو کر missing persons کے مسئلے کو فی الفور حل کرنے کی کوشش کیجئے۔ اگر کوئی ملزم ہے، کسی نے جرم کیا ہے تو اس پر مقدمہ چلائیں۔ اگر نہیں ہے تو کسی شخص کو آزادی سے محروم کرنا ایک ظلم ہے، ایک جرم ہے، دستور کے خلاف ہے۔ خدا کے لیے اس بات کو ختم کیجئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: گلشن سعید صاحبہ۔

سینیٹر گلشن سعید: جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! میں نے ایک Privilege Motion move کیا ہے۔ میں اس سلسلے میں بات کرنا چاہتی ہوں اور یہ notify کرانا چاہتی ہوں، میں نے کرنل طاہر صاحب کو لیٹر بھجوا دیا ہے۔ ہاؤس میں بتانا بھی ضروری ہوتا ہے۔ ہماری کالونی میں بہت سارے مسائل ہیں۔ سڑکیں ٹوٹی ہوئی ہیں۔ وہاں پر سب ٹیکس دیتے ہیں۔ اس علاقے میں اگر کوئی خود بھی رہتا ہو تب بھی ٹیکس دیتا ہے۔ اس کے علاوہ وہاں پر آوارہ کتے پھرتے ہیں، ساری lights بند ہیں، صفائی کا کوئی انتظام نہیں ہے، کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ کالونی ایسے لگ رہی ہے جیسے کسی بڑے remote area کی ہو۔ لاہور کینٹ کی Executive Officer خاتون ہیں۔ ان کو میں نے بڑی دفعہ فون کیا، خود visit کیا، ان کو applications بھجوائیں مگر انہوں نے notice نہیں لیا۔ اب میرے پاس ایک ہی چارہ رہ گیا کہ میں Privilege Motion move کر کے ان کو یہاں پر بلواؤں تاکہ ساری کالونی کا ٹھیکہ ہو۔ آپ مہربانی فرما کر یہ میرا Privilege Motion

Committee کو refer کر دیں۔ میں آپ کی توجہ چاہتی ہوں کہ میرا Privilege Motion کرنل طاہر صاحب کی کمیٹی کو دے دیں تا کہ وہ اس کا نوٹس لیں۔

دوسری بات میں بعد میں کروں گی پہلے آپ اس کے بارے میں ان سے کہہ دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ Privilege Motion سیکریٹریٹ کو بھیج دیں اور proper طریقے سے اس کو پیش کریں۔

سینیٹر گلشن سعید: میں نے بھجوا دیا ہے۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہتی ہوں کہ پچھلی دفعہ اور اس سے پچھلی دفعہ بھی ہاؤس میں، میں نے کہا تھا کہ اب بھی کراچی میں چھ سے سات ہلاکتیں روز ہوتی ہیں۔ وہاں پر اٹھائیس لاکھ لوگ ایسے ہیں جن کا کوئی پتا نہیں کہ وہ کہاں سے آکر کراچی میں رہ رہے ہیں۔ میں کمیٹی کی بھی ممبر ہوں ۔ میں نے وزیر داخلہ صاحب سے بڑی دفعہ request کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ میں briefing دوں گا۔ ابھی جو میرے معزز بھائی نے missing persons کا سوال اٹھایا ہے یہ بھی ان سے متعلق ہے۔ آپ ensure کرائیں کہ وہ کل کے اجلاس میں آئیں اور ہاؤس میں آکر بتائیں۔ ہمارے ملک میں لوگ اٹھائے جا رہے ہیں، روپے پیسے کے لیے بھی اور دوسری وجوہات پر بھی چھ سات لوگوں کو روزانہ کراچی میں مارا جا رہا ہے۔ جن لوگوں کے عزیزوں کی لاشیں ملتی ہیں وہ روتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ Street crimes بڑھ گئے ہیں۔

اس کے علاوہ بلوچستان، خاص طور پر کوئٹہ میں جو کچھ ہو رہا ہے، این ڈبلیو ایف پی میں لوگوں کو ransom کے لیے اٹھایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں رحمان ملک صاحب کا آنا بہت ضروری ہے۔ وہ ہر دفعہ یہ کہہ کر چلے جاتے ہیں کہ میں briefing دوں گا جبکہ پچھلے ایک سال سے انہوں نے کوئی briefing نہیں دی۔ انہوں نے اگر کچھ نہیں کرنا تو وزیر اعظم صاحب یہ وزارت کسی اور کو دے دیں جو کام تو کرے۔ کیا لوگوں کی جانیں اتنی سستی ہو گئی ہیں، بات کر کر کے ہم تھک گئے ہیں۔ ہم خود بھی شرمندہ ہوتے ہیں کہ ہماری بات کا اس ایوان میں کوئی نوٹس نہیں لیا جاتا۔ آپ ان کو کل ایوان میں بلائیں۔ اس معاملے میں ان سے پہلے بھی سوال کیا جا چکا ہے اور اب بھی ہم کرنا چاہتے ہیں کہ کراچی میں کیا ہو رہا ہے؟ کوئٹہ میں کیا ہو رہا ہے؟ پنجاب میں کیا ہو رہا ہے اور پشاور میں کیا ہو رہا ہے؟ ان سب باتوں کا وہ آکر جواب دیں، اگر ان کے بس میں نہیں ہے تو یہاں پر آکر وہ کہہ دیں کہ میرے بس میں نہیں ہے مگر ہر دفعہ وہ ٹرخا کر چلے جاتے ہیں۔

جناب والا! یہاں پر خورشید شاہ صاحب ابھی تشریف لائے ہیں حالانکہ قومی اسمبلی کا اجلاس بھی نہیں ہو رہا ہے تو سارے منسٹرز کو یہاں آنا چاہیے۔ جو concerned ministers ہیں ان کو بھی آنا چاہیے۔ دوسرے منسٹرز جو کسی غیر ملکی دورے پر ہیں تو ان کی جگہ کسی نہ کسی کی ڈیوٹی لگنی چاہیے کہ وہ آ کر سوالات کا جواب دیں بجائے اس کے کہ آپ سوال ردی کی ٹوکری میں ڈال دیں۔ جو ملک کے حالات ہیں ان میں ہنسنا اور آپس میں گفتگو اور مذاق بند کر کے میرے خیال میں ہمیں serious ہونا چاہیے۔ آپ وزیر داخلہ کو کل بلوائیں، میں ان کے ساتھ بات کروں گی۔ Thank you very much.

سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایوان میں لوگ کہہ رہے ہیں کہ آپ کل point of order اٹھائیں کیونکہ اجلاس کا آج آخری دن تو نہیں ہے۔ اجلاس کل بھی ہے اور پرسوں بھی ہے۔ ابھی نماز کا بھی وقت ہے اور sense of the House یہی ہے کہ points of order کل اٹھائے جائیں۔

سینیٹر محمد زاہد خان: صوبے کا نام درست لکھا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: صوبے کا نام درست لکھا جائے، یہ بالکل relevant بات ہے۔ صابر بلوچ صاحب۔

سینیٹر صابر علی بلوچ: جناب والا! بات یہ ہے کہ درانی صاحب نے اپنی جذباتی تقریر میں ایک بات کی ہے، میں تو نہیں سمجھ سکا کہ وہ restoration of Bahawalpur state چاہتے ہیں یا وہ صوبہ چاہتے ہیں۔ اگر صوبے کی بات ہے تو ظاہر ہے کہ جہاں جہاں سرائیکی بولنے والے لوگ ہوں گے تو سرائیکی صوبہ بنے گا یا تو it should be more specified کہ ان کو سرائیکی صوبے سے دلچسپی نہیں ہے بلکہ وہ restoration of Bahawalpur state چاہتے ہیں، پہلے وہ اس بات کی وضاحت کریں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان کی تقریر دلپذیر نے سب کو متاثر کیا ہے لیکن بات یہ ہے کہ وزیراعظم صاحب کے متعلق اس قسم کے الفاظ جو ہیں، میں نہیں کہتا کہ انہوں نے کوئی derogatory الفاظ استعمال کیے ہیں لیکن بہت ساری ایسی باتیں ہیں جو objectionable کی صورت میں آجاتی ہیں۔ آپ ان کی تقریر کو چیک کریں اگر خدانخواستہ جذبات میں انہوں نے کوئی ایسی بات کر دی ہے تو وہ الفاظ expunge کیے جائیں۔ آپ کا شکریہ۔

سینیٹر محمد علی درانی: جناب والا! آپ کی اجازت سے میں عرض کروں گا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: درانی صاحب! آپ کا نقطہ نظر پہلے ہی آچکا ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: باقی points of order کل لیں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بہت اہم باتیں ہیں لیکن وہ ہم کل سنیں گے کیونکہ آج sense of the House یہ ہے کہ لوگ نہیں سننا چاہتے۔ We have finished the agenda, so we adjourn the house for tomorrow to meet again at 5.p.m. as desired by the Leader of the House.

[The House was then adjourned to meet again on Wednesday the 14th of December, 2011 at 5 p.m.]